# نہج البلاغہ

## مکتوباتِ مولا علی علیہ السلام

مترجم: حجت الاسلام مولانا مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ مدظلہ

## فہرست

1 مکتوب جو مدینہ سے بصرہ کی جانب روانہ ہو تے ہوئے اہل کوفہ کے نام تحریر فرمایا:........................................4
2 مکتوب  جو فتح بصرہ کے بعد اہل کوفہ کی طرف تحریر فرمایا:.................................................................6
3 مکتوب دستا ویز جو آپ نے شریح ابن حارث قاضی کوفہ کے لیے تحریر فر مائی -:.............................................7
4 مکتوب  ایک سالار لشکر کے نام !.........................................................................................9
5 مکتوب  اشعث ابن قیس والی آذر بائیجان کے نام:.....................................................................10
مکتوب 6  معاویہ ابن ابی سفیان کے نام: ..........................................................................11
7 مکتوب  معاویہ ابن ابی سفیان کے نام : ..........................................................................12
8 مکتوب  جب جریر ابن عبداللہ بجلی کو معاویہ کی طرف روانہ کیا اور انہیں پلٹنے میں  تاخیر ہوئی ,تو انہیں تحریر فرمایا :.....................................................................................13
9 مکتوب  معاویہ کے نام :.........................................................................................13
10 مکتوب معاویہ کی طرف :........................................................................................17
11 ہدایت  دشمن کی طرف بھیجے ہوئے ایک لشکر کو یہ ہدایتیں فرمائیں . ...........................................19

Presented by www.ziaraat.com

12 ہدایت   جب معقل ابن قیس ریاحی کو تین ہزار کے ہر ا دل دستہ کے ساتھ شام روانہ کیا .تو یہ ہدایت فرمائی .......21
13 مکتوب فوج کے دو 2سرداروں کے نام:..........................................................................................22
14 ہدایت  صفین میں  دشمن کا سامنا کرنے سے پہلے اپنے لشکر کو ہدایت فرمائی:....................................23
15 ہدایت  جب لڑنے کے لیے دشمن کے سامنے آتے تھے تو بارگاہ الہی میں  عرض کرتے تھے ...........................25
16 ہدایت  جنگ کے موقع پر اپنے ساتھیوں سے فرماتے تھے :.....................................................................26
17 مکتوب  معاویہ کے خط کے جواب میں  ! ..........................................................................................26
18 مکتوب  والی بصرہ عبداللہ ابن عباس کے نام :.......................................................................................30
19 مکتوب ایک عامل کے نام : ...............................................................................................................31
20 مکتوب  زیاد ابن ابیہ کے نام : ...........................................................................................................32
21 مکتوب  زیاد ابن ابیہ کے نام!............................................................................................................33
22 مکتوب  عبداللہ ابن عباس کے نام : ......................................................................................................33
23 وصیت  جب ابن ملجم نے آپ کے سر اقدس پر ضرب لگا ئی تو انتقال سے کچھ پہلے آپ نے بطور وصیت ارشاد فرمایا :...........................................................................................................................34
24 وصیت  حضرت کی وصیت اس امر کے متعلق کہ آپ کے اموال میں  کیا عمل درآمد ہو گا.................................35
25 وصیت جن کارندوں کو زکوۃ و صدقات کی وصولی پر مقرر فرمایا ..............................................................37
26 مکتوب  ایک کارندے کے نام کہ جسے زکوٰۃ اکٹھا کرنے کے لیے بھیجا تھا یہ عہدنامہ تحریر فرمایا: ....................40
27 عہدنامہ محمد ابن ابی بکر کے نا م جب انہیں مصر کی حکومت سپرد کی : ..................................................41
28 مکتوب معاویہ کے نام :......................................................................................................................43
29 مکتوب  اہل بصر ہ کی طرف :...............................................................................................................52
30 مکتوب معاویہ کے نام :......................................................................................................................53
31  وصیت نامہ  صفین سے پلٹتے ہوئے جب مقام حاضرین میں  منزل کی تو امام حسن علیہ السلام کے لیے یہ وصیت نامہ تحریر فرمایا:....................................................................................................................53
32 مکتوب  معاویہ کے نام :.....................................................................................................................72
33 مکتوب  والی مکہ قثم ابن عباس کے نام: ..............................................................................................72
34 مکتوب  محمد ابن ابی بکر کے نام :........................................................................................................73
35 مکتوب  مصر میں  محمد ابن ابی بکر کے شہید ہو جا نے کے بعد عبداللہ ابن عباس کے نام : ..............................74
36 مکتوب  جو امیر المومنین علیہ السلام  نے اپنے بھائی عقیل ابن ابی طالب کے خط کے جواب میں  لکھا ہے جس میں کسی دشمن کی طرف بھیجی ہوئی ایک فوج کا ذکر کیا گیا ہے . .........................................................75
37 مکتوب  معاویہ ابن ابی سفیان کے نام: ...................................................................................................77
38 مکتو ب اہل مصر کے نام جب کہ مالک اشتر کو وہاں کا حاکم بنا یا ...........................................................78

Presented by www.ziaraat.com

39 مکتوب  عمر و ابن عاص کے نام :..........................................................................................79
40 مکتوب ایک عامل کے نام :..................................................................................................79
41 مکتوب  ایک عامل کے نام :.................................................................................................80
42 مکتوب  حاکم بحرین عمر ابن ابی سلمه مخزومی کے نام جب انہیں معزول کرکے نعمان ابن عجلان رزقی کو ان کی جگه پر مقرر فرمایا !.................................................................................................82
43 مکتوب  مصقله ابن شیبانی کے نام جو آپ علیه السلام کی طرف سے ارد کا شیر خره حاکم تها . ......................83
44 مکتوب زیاد ابن ابیه کے نام:.............................................................................................83
45 مکتوب  جب حضرت کو یه خبر پہنچی که والی بصره عثمان ابن حنیف کو وہاں کے لوگوں نے کهانے کی دعوت دی ہے اور وه س میں  شریک ہوئے ہیں تو انہیں تحریر فرمایا..................................................85
46 مکتوب  ایک عامل کے نام :................................................................................................95
47 وصیت  جب آپ کو ابن ملجم لعنه الله ضربت لگا چکا تو آپ نے حسن و حسین علیہما السلام سے فرمایا:..........96
48 مکتوب  معاویه ابن ابی سفیا ن کے نام :....................................................................................97
49 مکتوب  معاویه کے نام:......................................................................................................98
50 مکتوب  جو مدینه سے بصره کی جانب روانه ہو تے ہوئے اہل کوفه کے نام تحریر فرمایا: ..........................98
51 مکتوب  خراج کے تحصیلداروں کے نام:....................................................................................101
52 مکتوب نماز کے بارے میں  مختلف شہروں کے حکمرانوں کے نام :......................................................102
53 عہد نامه ٖا س دستاویز کو (مالک)اشتر نخعی رحمته الله کے لیے تحریر فرمایا ............................................102
54 مکتوب جو عمر ان ابن حصین خزاعی کے ہاته طلحه و زبیر کے پاس بهیجا ...........................................128
55 مکتوب  معاویه کے نام :.....................................................................................................130
56 مکتوب  جب شریح ابن ہانی کو شا م جانے والے لشکر کے آگے دسته (مقدمته الجیش)کا سردار مقرر کیا ,تو انہیں یه ہدایت فرمائی..........................................................................................................131
57 مکتو ب مدینه سے بصره کی طرف روانه ہوتے وقت اہل کوفه کے نام:................................................131
58 مکتوب  جو مختلف علاقوں کے باشندوں کو صفین کی روئداد سے مطلع کرنے کے لیے تحریر فرمایا...............132
59 مکتوب  اسودا ابن قطیبه والی حلوان کے نام:..............................................................................133
60 مکتوب  ان اعمال حکومت کی طر ف جن کا علاقه فوج کی گزر گاه میں  پڑتا تها..................................134
61 مکتوب  والی ہیت کمیل ابن زیاد نحعی کے نام:.............................................................................135
62 مکتوب جب مالک اشتر کو مصر کا حاکم تجویز فرمایا تو ان کے ہاته اہل مصر کو بهیجا :  .........................135
63 مکتوب  عامل کوفه ابوموسیٰ اشعری کے نام :..............................................................................138
64 مکتوب  بجواب معاویه :......................................................................................................140
65 مکتوب  معاویه کے نام :......................................................................................................143

Presented by www.ziaraat.com

ہوئے تھی اور ان پر عائشه کو بھی بے تحاشه غصه تھا .چنانچه ایک گروہ آمادہ ہوگیا اور اس نے انہیں قتل کردیا اور لوگوں نے میری بیعت کرلی .اس طرح که نه ا ن پرکو ئی زور زبردستی تھی اور نه انہیں مجبور کیا گیا تھا ,بلکه انہوں نے رغبت و اختیار سے ایسا کیا .

اور تمہیں معلوم ہونا چاہیے که دارالہجرت (مدینه ) اپنے رہنے والوں سے خالی ہوگیا ہے .اور اس کے باشندوں کے قدم وہاں سے اکھڑچکے ہیں.اور وہ دیگ کی طرح ابل رہا ہے اورفتنه کی چکی چلنے لگی ہے لہٰذا اپنے امیر کی طرف تیزی سے بڑھو اور اپنے دشمنوں سے جہاد کرنے کے لیے جلدی سے نکل کھڑے ہو.

ابن میثم نے تحریر کیاہے که جب امیرالمومنین علیه السلام طلحه و زبیر کی شورش انگیزیوں کی خبر سن کر بصر ہ کی جانب روانه ہوئے تو مقام مائ العذیب سے امام حسن علیه السلام اور عمار یاسر کے ہاتھ یه خط اہل کوفه کے نام بھیجا اور ابن ابی الحدید نے یه روایت لکھی ہے که جب حضرت نے زبذہ میں منزل کی تو محمد ابن جعفر اور محمد ابن ابی بکر کے ذریعه اسے روانه کیا .

حضرت علیه السلام نے اس مکتوب میں واضح طور پر اس امر پرروشنی ڈالی ہے که حضرت عثمان کا قتل ام المومنین اور طلحه و زبیر کی کوششوں کیا نتیجه تھا اوروہی اس میں بڑھ چڑھ کر حصه لینے والے تھے اور حضرت عائشه تو اپنے حدو دکا ر کا لحاظ کئے بغیر عام اجتماعات میں ان کی بے عنوانیوں کو بے نقا ب کر کے ان کے قتل کا حکم دیا کرتی تھیں .چنانچه شیخ محمد عبدہ نے تحریر کیا ہے که:

حضرت عائشه نے جب که حضرت عثمان منبر پر تھے رسول کی جوتیاں اور قمیض نکالی اور ان سے کہا که یه رسول الله کی جوتیاں اور ان کی قمیضہے .ابھی یه چیزیں پرانی بھی نہیں ہوئیں که تم نے ان کے دین کو بدل دیا .اورسنت کو مسخ کردیا .پھر دونوں میں بہت زیادہ تلخ کلامی ہوئی .اور حضرت عائشه انہیں ایک مشہور آدمی سے تشبیبه دیتے ہوئے نعثل کہا کرتی تھیں.

لوگ حضرت عثمان کے ہاتھوں نالاں تھے ہی ان باتوں سے ان کی ہمت بندھی اور انہوں نے ان کو محا صرہ میں لے لیا تاکه وہ اپنی روش میں ترمیم کریں یا خلافت سے کنارہ کش ہوجائیں اور ان حالات میں یه قوی اندیشه تھا که اگر انہوں نے ان دو میں سے ایک بات تسلیم نه کی تو قتل کر دیئے جائیں گے اوریه سب کچھ حضرت عائشه کی نظر وں کے سامنے تھا .مگر انہوں نے اس کی طرف کو ئی توجہنه کی اور انہیں محاصرہ میں چھوڑ کر مکه جانے کا تہیه

Presented by www.ziaraat.com

سے پہلے مرجائے اور اس کا پیٹ چیر کر بچے کو نکالا جائے چونکه شاہان روم میں افسطوس اسی طرح پیدا ہوا تھا . اس وجه سے وہ اس نام سے مشہور ہو گیا اورپھر وہاں کے ہر بادشاہ کے لیے اس نے لقب کی صور ت اختیار کرلی .

حمیر یمن کے بادشاہوں کالقب ہے .اس حکومت کا بانی حمیر ابن سباتھا .جس نے یمن میں اپنی سلطنت کی بنیا د رکھی اور پھر اس کی اولاد نسلاًبعد نسل تخت و تاج کی وارث ہوتی رہی .لیکن کچھ عرصه کے بعد اکسومی حبشیوں نے یمن پر حمله کر کے حکومت ان کے ہاتھ سے چھین لی.مگر انہوں نے محکومیت اور ذلت کی زندگی گوارا نه کی اور اپنی منتشر و پرا گند ہ قوتوں کو یکجاکر کے اکسومیوں پر حمله کر دیا اور انہیں شکست دے کر دوباره اقتداار حاصل کر لیا اور یمن کے ساتھ حضرموت ,حبشه اور حجاز پر بھی اپنی حکومت قائم کر لی .یه سلاطین حمیر کا دوسرا دور تھا .جس میں پہلا بادشاہ حارث الرائش تھا جو تبع کے لقب سے تخت حکومت پر بیٹھا اور پھربعد کے سلاطین اسی لقب سے پکارے جانے لگے .تبع کے معنی سامی زبان میں متبوع و سردا ر کے ہیں اور بعض کے نزدیک یه حبشی زبان کی لفظ صاحب تسلط و اقتدار ہیں۔

## 4 مکتوب ایک سالار لشکر کے نام !

اگر وہ اطاعت کی چھاؤں میں پلٹ آئیں تو یه تو ہم چاہتے ہی ہیں اور اگر ان کی تانیں بس بغاوت اور نافرمانی پرہی ٹوٹیں .تو تم فرمانبرداروں کو لے کر نافرمانوں کی طرف اٹھ کھڑے ہو .اور جو تمہارا ہمنواہو کر تمہارے ساتھ ہے اس کے ہوتے ہوئے منه موڑنے والوں کی پروا نه کرو .کیونکه جو بددلی سے ساتھ ہو اس کا نه ہو نا ہونے سے بہتر ہے ,اور اس کا بیٹھے رہنا ا س کے اٹھ کھڑ ے ہونے سے زیادہ مفید ثابت ہوسکتا ہے.

#1جب عامل بصره عثمان ابن حنیف نے امیرالمومنین علیه السلام کو طلحه و زبیر کے بصره پہنچنے کی اطلاع دی اور ان کے عزائم سے آگاہ کیا,تو حضرت نے یه خط ان کے نام تحریر کیا جس مین انہیں یه ہدایت فرمائی ہے که اگر دشمن لڑائی پر اتر آئے تو وہ اس کے مقابلے کے لیے ایسے لوگو ں کو اپنے ساتھ نه لیں که جو ایک طرف حضرت عائشه اور طلحه وزبیر کی شخصیت سے متاثر ہوں اور دوسری طرف کہنے سننے سے ان کے خلاف جنگ پر بھی آماده ہو گئے ہوں .کیونکه ایسے لوگوں سے جم کر لڑ نے کی توقع نہیں کی جاسکتی اور نه ہی ان پر بھروسا کیا جاسکتا ہے .بلکه

Presented by www.ziaraat.com

ایسے لوگ اگر موجود رہے تو دوسروں کو بھی بد دل بنانے کی کوشش کریں گے .لہٰذا ایسے لوگوں کو نظر انداز کر دینا ہی مفید ثا بت ہو سکتا ہے

## 5 مکتوب اشعث ابن قیس والی آذر بائیجان کے نام:

**یہ عہدہ تمہارے لیے کو ئی آزوقہ نہیں ہے بلکہ وہ تمہاری گردن میں ایک امانت کا پھندا ہے اور تم اپنے حکمران بالا کی طرف سے حفاظت پر مامور ہو تمہیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ رعیت کے معاملہ میں جو چاہو کر گزرو خبردار!کسی مضبوط دلیل کے بغیر کسی بڑے کام میں ہاتھ نہ ڈالا کرو .تمہارے ہاتھوں میں خدائے بزرگ و برتر کے اموال میں سے ایک مال ہے اور تم اس وقت تک سا کے خزانچی ہو جب تک میرے حوالے نہ کردو .بہرحال میں غالباًتمہارے لیے بر احکمران تو نہیں ہوں .والسلام .**

#1جب امیرالمومنین علیہ السلام جنگ جمل سے فارغ ہو ئے تو اشعث ابن قیس کو جو حضرت عثمان کے زمانے سے آذر بائیجان کا عامل چلا آرہا تھا تحریر فرمایا کہ وہ اپنے صوبے کا مال خراج و صدقات رو انہ کر ے مگر چونکہ اسے اپنا عہدہ و منصب خطرہ میں نظر آرہا تھا.اس لیے وہ حضرت عثمان کے دوسرے مال کی طرح اس مال کو ہضم کرجانا چاہتا تھا چنانچہ اس خط کے پہنچنے کے بعد اس نے اپنے محضوصین کو بلایا اور ان سے اس خط کا ذکر کرنے کے بعد کہا کہ مجھے اندیشہ ہے کہ یہ مال مجھ سے چھین لیا جائے لہٰذا میرا ارادہ ہے کہ میں معاویہ کے پاس چلا جاؤں جس پر ان لوگو ں نے کہا کہ یہ تمہارے لیے باعث ننگ و عار ہے کہ اپنے قبیلے کو چھوڑ کر معاویہ کے دامن میں پناہ لو چنانچہ ان لوگوں کے کہنے سننے سے اس نے جانے کا ارادہ تو ملتوی کر دیا مگر اس مال کے دینے پر آمادہ نہ ہوا جب حضرت کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے اسے کوفہ طلب کرنے کے لیے حجرا بن عدی قندی کو روانہ کیا جو اسے سمجھا بوجھا کر کوفہ لے آئے .یہاں پہنچنے پر اس کا سامان دیکھا گیا تو اس میں چار لاکھ درہم پائے گئے جس میں سے تیس ہزار حضرت نے اسے دیئے اور بقیہ بیت المال میں داخل کردیئے .

Presented by www.ziaraat.com

تاثیر اپنا کام کر رہی تھی اور لو گ اسلام کی تعلیم اورآپ کی شخصیت سے متاثر ہو کرآپ کے دامن سے وابستہ ہو تے جارہے تھے جس سے قریش انگاروں پر لوٹتے ,اند ر ہی اندر پیچ و تاب کھاتے اور اس بڑھتی ہو ئی تاثیر و نفوذکو روکنے کی کوشش کرتے .مگر جب ان کے لیے کچھ نہ ہو سکا تو یہ طے کیا کہ بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب سے تمام تعلقات قطع کر لیے جائیں.نہ ان سے میل جول رکھا جائے اور نہ ان سے لین دین کیا جائے تاکہ وہ تنگ آکر پیغمبر کی حمایت سے دستبردار ہوجائیں .اور پھر وہ جیسا چاہیں ان کے ساتھ برتاؤ کریں چنانچہ ان میں باہمی معاہدہ ہوا ,اور اس سلسلہ میں ایک دستاویز لکھ کر محفوظ کر دی گئی .اس معاہدہ کے بعد اگر چہ زمین وہی تھی اور زمین پر بسنے والے بھی وہی تھے مگر بنی ہاشم کے لیے درو دیوارسے اجنبیت برسنے لگی .جانی پہچانی ہوئی صورتیں یوں نظر آنے لگیں جیسے کبھی شناسائی تھی ہی نہیں سب نے رخ موڑ لیے ,اور میل ملاقات اور راہ و رسم بندی کر دی.ان حالات میں یہ بھی اندیشہ تھا کہ کہیں پیغمبر پر اچانک حملہ نہ ہوجائے اس لیے شہر سے باہر پہاڑ کی ایک تنگ گھاٹی میں کہ جسے شعب ابو طالب کہا جاتا ہے پناہ لینے پر مجبور ہوئے.اس موقع پر بنیہاشم میں سے جو ابھی تک ایمان نہ لائے تھے ,وہ خاندانی اتحاد کی بنا ئ پر آپکے دکھ در دمیں شریک ہو تے اورآڑے وقت پر سینہ سپر ہو کر کھڑے ہوجاتے اور جو ایمان لاچکے تھے ,جیسے حضرت حمزہ و حضرت ابو طالب ,وہ اپنا فریضہ ئایمانی سمجھ کر آپ کی حفاظت میں سر گرم عمل رہتے .خصوصا ًحضرت ابو طالب نے اپنا سکون و آرام سب چھوڑ رکھا تھا .ان کے دن پیغمبر کو تسکین دینے اور راتیں پہرا دینے اورپیغمبر کی خواب گاہ بدلوانے میں گزرتی تھیں .ا س طرح کہ جس بستر پر ایک رات پیغمبر آرام فرماتے ,دوسری رات ا س بستر پر علی علیہ السلام کو سلا دیتے کہ اگر کو ئی حملہ کرے تو آنحضرت کے بجائے علی علیہ السلام کام میں آجائیں:

یہ دور بنی ہاشم کے لیے انتہائی مصائب و آلام کا دور تھا .حالت یہ تھی کہ ضروریات زندگی ناپیداور معیشیت کے تمام دروازے بند ہوچکے تھے .درختوں کے پتوں سے پیٹ بھرلیے ,تو بھر لیے ورنہ فاقوں میں پڑے رہے جب اس طر ح تین برس قید و بند کی سختیاں جھیلتے گزر گئے.تو زبیر ابن ابی امیہ ,ہشام ابن عمرو ,مطعم ابن عدی,ابو البختری اور زمعہ ابن اسود نے چاہا کہ اس معاہدہ کو توڑ دیں .چنانچہ اکابر قریش خانہ کعبہ میں مشورہ کے لیے جمع ہوئے .ابھی کچھ طے نہ کرنے پائے تھے کہ حضرت ابو طالب بھی شعب سے نکل کر ان کے مجمع میں پہنچ گئے اور ان سے کہا کہ میرے بھتیجے محمد ابن عبدالله نے مجھے بتایا ہے کہ جس کاغذ پر تم نے معاہدہ تحریرکیا تھا .اسے دیمک نے چاٹ لیا ہے اور اب اس پر الله کے نام کے علاوہ کچھ نہیں رہا .لہٰذا تم اس دستاویز کو منگوا کر دیکھو .اگر انہوں نے سچ کہا ہے تو تمہیں ان کی دشمنی سے دستبردار ہونا چاہیے .اور اگر غلط کہا ہے تو میں انہیں تمہارے حوالے کرنے کو تیار ہوں .
چنانچہ اس دستاویز کو منگوا کر دیکھا گیا تو واقعی .باسمک اللّھمکے علاوہ'> کہ جو دور جاہلیت میں سرنامہ کے طور پر لکھا جاتا تھا .تمام تحریر دیمک کی نذر ہو چکی تھی .یہ دیکھ کر مطعم ابن عدی نے اس تحریر کو پارہ پارہ کر دیا ,اور وہ معاہدہ توڑ دیا گیا اور خداخدا کر کے بنیہاشم کو اس مظلومیت و بیکسی کی زندگی سے نجات ملی , لیکن اس کے بعد بھی پیغمبر کے ساتھ رویہ میں سرمو فرق نہ آیا .بلکہ وہ بغض و عناد میں اس طرح کھو گئے کہ ان کی جان لینے کی تدبیریں کرنے لگے جس کے نتیجہ میں ہجرت مدینہ کا واقعہ ظہور میں آیا .اس موقع پر اگرچہ

Presented by www.ziaraat.com

دیکھو تتر بتر ہونے سے بچے رہو ,اتر و تو ایک ساتھ اترو ,اور کوچ کر و تو ایک ساتھ کرو ,اوررجب رات تم پر چھا جائے تو نیزوں کو (اپنے گرد )گاڑ کر ایک دائرہ سا بنا لو ,صرف اونگھ لینے اور ایک آدھ جھپکی لے لینے کے سوا نیند کا مز ہ نہ چکھو .

#1جب امیرالمومنین علیہ السلام نے نخیلہ کی چھاؤنی سے زیادابن نضرحارثی اور شریح ابن ہانی کو آٹھ ہزار اور چار کے دستے پر سپہ سالار مقرر کر کے شام کی جانب روانہ کیا تو ان دونوں میں منصب کے سلسلہ میں کچھ اختلا ف رائے ہو گیا جس کی اطلا ع انہوں نے امیرالمومنین علیہ السلام کو دی اور ایک دوسرے کے خلاف شکایت آمیز میں خطوط لکھے .حضرت نے جواب میں تحریر فرمایا کہ اگر تم مل کر سفر کرو تو پو ری فوج کا نظم ونسق زیاد ابن نضر کے ہا تھ میں ہو گا .اور الگ الگ سفر کرو تو جس جس دستے پر تمہیں امیر مقرر کیا گیا ہے اسی کا نظم و انصر ام تم سے متعلق ہو گا .

ا س خط کے ذیل میں حضر ت نے جنگ کے لیے چند ہدایات بھی انہیں تحریر فرمائے اور علامہ رضی نے صرف ہدایت والا حصہ ہی اس مقام پر درج کیا ہے .یہ ہدایات نہ صرف اس زمانہ کے طریقہ جنگ کے لحاظ سے نہایت کا رآمد ا ور مفید ہیں بلکہ اس زمانہ میں بھی جنگی اصول کی طرف رہنمائی کرنے کے اعتبار سے ان کی افادیت و اہمیت ناقابل انکار ہے .وہ ہدایات یہ ہیں کہ جب دشمن سے مڈ بھیڑ ہو تو پہاڑ وں کے دامنوںاور ندی نالو ں کے موڑوں میں پڑاؤ ڈالو .کیونکہ اس صورت میں نہروں کے نشیب خندق کا اور پہاڑوں کی چوٹیاں فصیل کاکا م دیں گی .اورتم عقب سے مطمئن ہو کر دوسرے اطراف سے دشمن کا دفاع کر سکو گے دوسرے یہ کہ لڑائی ایک طرف سے ہو یازیادہ سے زیادہ دو طرف سے کیونکہ فوج کے متعدد محاذوں پر تقسیم ہو جانے سے اس میں کمزوری کا رونما ہونا ضرور ی ہے ,اور دشمن تمہاری فوج کے تفرقہ و انتشا رسے فائدہ اٹھا کر کامیابی میں کوئی دشواری محسوس نہ کرے گا .تیسر ے یہ کہ ٹیلو ں اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر پاسبان دستے بٹھا دو ,تاکہ ہو دشمن کے حملہ آور ہونے سے پہلے تمہیں آگاہ کرسکیں .کیونکہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جدھر سے دشمن کے آنے کا خطرہ ہو تا ہے و ہ ادھر سے آنے کی بجائے دوسری طرف سے حملہ کر دیتا ہے .لہٰذا اگر بلندیوں پر پاسبان دستے موجود ہوں گے تو وہ دورسے اڑتے ہوئے گردوغبار کو دیکھ کر دشمن کی آمد کا پتہ چلالیں گے .چنانچہ ابن الحدید نے اس کا افاد ی پہلو واضح کرنے کے لیے یہ تاریخی واقعہ نقل کیا ہے کہ جب قحطبہ نے خر اسان سے نکل کر ایک گاؤں میں پڑاؤ ڈالا تو وہ اور خالد ابن بر مک ایک بلند جگہ پر جابیٹھے .ابھی بیٹھے ہی تھے کہ خالد نے دیکھا کہ جنگل کی طرف سے ہرنوں کی ٹکڑیاں چلی آرہی ہیں .یہ دیکھ کر اس نے قحطبہ سے کہا کہ اے امیر اٹھیے اورلشکر میں فوراًاعلان کرائیے کہ وہ صف بندی کرکے ہتھیاروں کو سنبھال لے .یہ سن کر قحطبہ کھڑا ہوا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا کہ مجھے تو کہیں بھی دشمن کی فوج نظر نہیں آتی. اس نے کہا اے امیریہ وقت باتوں میں ضائع کرنے کانہیںآپ ان ہرنوں کو دیکھ لیجئے جو اپنے ٹھکانے چھوڑ کرآبادیوں

Presented by www.ziaraat.com

لایا جاسکتا کیونکہ امام بر حق کے خلاف بغاوت و سرکشی باتفاق امت حرام ہے چنانچہ امام نووی نے تحریر کیا ہے .

حکومت کے معاملات میں فرمانرواؤں سے ٹکر نہ لو اور نہ ان اعتراضات کرو .البتہ تم کو ان میں کوئی ایسی برائی نظر آئے کہ جو پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہو اور تم جانتے ہو کہ وہ اصول اسلام کے خلاف ہے تو اسے ان کے لیے برا سمجھو اورجہاں بھی تم ہو صحیح صحیح بات کہو .لیکن ان پر خروج کرنا باجماع مسلمین حرام ہے.

جو شخص اس امام بر حق پر خروج کرے جس پر جماعت نے اتفاق کرلیا ہو وہ خارجی کہلائے گا .چاہے یہ خر و ج صحابہ کے دور میں آئمہ راشدین پر ہو چاہے ان کے بعد ان کے تابعین پر .(کتا ب الملل و النحل ---35)

اس میں کو ئی شک و شبہ نہیں کہ معاویہ کا اقدام بغاوت و سر کشی کا نتیجہ تھا اور باغی کے ظلم و عدوان کو روکنے کے لیے تلوار اٹھانا کسی طرح آئین امن پسند ی و صلح جوئی کے خلاف نہیں سمجھا جا سکتا .بلکہ یہ مظلوم کا ایک قدرتی حق ہے اور اگر اسے ا س حق سے محروم کر دیا جائے تو دنیا میں ظلم و استبداد کی رو ک تھا م اور حقوق کی حفاظت کی کوئی صور ت ہی باقی نہ رہے اسی لیے قدرت نے باغی کے خلاف تلوار اٹھانے کی اجازت دی ہے .چنانچہ ارشاد الہی ہے :

ان میں سے اگر ایک جماعت دوسری جماعت پر زیادتی کرے تو تم اس زیادتی کرنے والی جماعت سے لڑو یہاں تک کہ وہ حکم خد ا کی طرف پلٹ آئے.

یہ پہلی حجت تھی جس کی طرف حضرت علیہ السلام نے کہہ کر اشارہ کیا ہے .مگر اس حجت کے تمام ہونے کے باوجود حضرت نے اپنی فوج کو ہاتھ اٹھانے اور لڑائی میں پہلی کرنے سے رو ک دیا .کیونکہ آپ علیہ السلام یہ چاہتے تھے کہ آپ کی طرف سے پہلی نہ ہو ,اور وہ صرف دفاع میں تلوار اٹھائیں .چنانچہ جب آپ کی صلح و امن کی کوششوں کا کوئی نتیجہ نہ نکلا اوردشمن نے جنگ کے لیے قدم اٹھا دیا ,تو یہ ان پر دوسر ی حجت تھی جس کے بعد حضرت کے آمادہ جنگ ہونے پر نہ کو ئی حرف گیری کی جاسکتی ہے ,اور نہ آپ پر جارحانہ اقدام عائد کیا جاسکتا ہے .بلکہ یہ ظلم و تعدی کی طغیانیوں کو روکنے کے لیے ایک ایسا فریضہ تھا جسے آپ کو انجا م دینا ہی چاہیے تھا ,اور جس کی اللہ سبحانہ، نے کھلے لفظوں میں اجازت دی ہے .چنانچہ ارشاد الہی ہے .

جو شخص تم پر زیادتی کرے تم بھی اس پر ویسی ہی زیادتی کرو ,جیسی اس نے کی ہے .اور اللہ سے ڈرو اور اس بات کو جانے رہو کہ اللہ پرہیز گاروں کاساتھی ہے .

اس کے علاوہ امیرالمومنین علیہ السلام سے صف آرا ہونا پیغمبر سے صف آرا ہوناہے .جیسا کہ حدیث نبوی کہ اے علی علیہ السلام ! تم سے جنگ کرنا مجھ سے جنگ کرنا ہے .اس کی شاہد ہے تو اس صورت میں جو سزا پیغمر سے جدال و قتال کرنے والے کے لیے ہو گی .وہی سزا امیرالمومنین علیہ السلام سے جنگ و پیکار کرنے والے کے لیے ہونا چاہیے .اور پیغمبر سے محاذ جنگ قائم کرنے والے کی سزا قدرت نے یہ تجویز کی ہے .

جو لو گ اللہ اور اس کے رسول جنگ پر آمادہ ہوں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لیے تگ و دور کرتے ہوں ان کی سزا یہ ہے کہ یا تو قتل کردیئے جائیں یا انہیں سولی دی جائے یا ان کا ایک طرف کا ہاتھ اور دوسر ی طرف کا پاؤں

Presented by www.ziaraat.com

ہوسکتا ہے اور وہ تمہارے ورغلانے سے کیسے فریب میں آجائیں گے جس پر معاویہ نے کہا کہ ہم عبدمنا ف کی اولاد ہیں .مجھ میں اورعلی علیہ السلام میں فرق ہی کیا ہے کہ وہ مجھ سے بازی لے جائیں اور میں انہیں فریب دینے میں کامیاب نہ ہوسکوں .عمرو نے کہا کہ اگر ایسا ہی خیال ہے تو پھر لکھ دیکھو .چنانچہ اس نے حضرتکی طرف ایک خط لکھا جس میں شام کا مطالبہ کیا اور یہ بھی تحریر کیا کہ نحن بنو عبد مناف لیس لبعضنا علیٰ بعض فضل .ہم سب عبد منا ف کی اولاد ہیںاور ہم میں سے ایک کو دوسرے پر برتری نہیں ہے .تو حضرت نے اس کے جواب میں یہ نامہ تحریر فرمایااور اپنے اسلاف کے پہلو بہ پہلو اس کے اسلاف کا تذکرہ کر کے اس کے دعویٰ ہمپائیگی کو باطل قرار دیا .اگرچہ دونوں کی اصل ایک اوردونوں کی سلسلہ نسب عبدمناف تک منتہی ہوتا ہے .مگر عبد شمس کی اولاد تہذیبی و اخلاقی برائیوں کا سرچشمہ اورشرک و ظلم میں مبتلا تھی اور ہاشم کاگھرانہ خدائے واحد کا پر ستار اور بت پرستی سے کنارہ کش تھا .لہٰذ ا ایک ہی جڑ سے پھوٹنے والی شاخوں میں اگر پھول بھی ہوں اور کانٹے بھی تو ا س سے دونوں کو ایک سطح پر قرار نہیں دیا جاسکتا .چنانچہ یہ امر کسی صراحت کا محتاج نہیں کہ امیہ اور ہاشم , حرب اور عبدالمطلب ابو سفیان اور ابو طالب کسی اعتبار سے ہمپایہ نہ تھے جس سے نہ کسی مورخ کو انکار ہے اور نہ کسی سیرت نگا ر کو بلکہ اس جوا ب کے بعد معاویہ کو بھی اس کی تردید میں کچھ کہنے کی ہمت نہ ہوسکی . کیونکہ اس واضح حقیقت پر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا کہ عبد مناف کے بعد حضرت ہاشم ہی وہ تھے جو قریش میں امتیازی وجاہت کے مالک تھے اور خانہ کعبہ کے اہم ترین عہدوں میں سے سقا یہ (حاجیوں کے لیے کھانے پینے کا سامان فراہم کرنا ) اور رفادہ(حاجیوں کی مالی امانت کا انتظام کرنا) انہیں سے متعلق تھا چنانچہ حج کے موقع پر قافلوںکے قافلے آپ کے ہاں اتر ے اور آپ اس خوش اسلوبی سے فرائض انجام دیتے کہ آپ کے سر چشمے جو دو سخا سے سیرا ب ہونے والے مدتوں آپ کی مدح وتحسین میں رطب اللسان رہتے .

اسی عالی حوصلہ و بلند ہمت باپ کے چشم و چراغ عبدالمطلب تھے سید السبطحائ تھا جو نسل ابراہیمی کے شر ف کے وارث اور قریش کی عظمت و سرداری کے مالک تھے اور ابراہہ کے سامنے جس عالی ہمتی وبلند نگاہ کا مظاہر ہ کیا وہ آپ کی تاریخ کا تا بناک باب ہے بہر صورت آپ ہاشم کے تا ج کا آویزہ اورعبدمناف کے گھرانے کا روشن ستارہ تھے .انما عبدمنا ف جو ھر .زین الجوھر عبد المطلب عبد منا ف ایک موتی تھے ,مگر ا س پر جلا کر نے والے عبدالمطلب تھے .

حضرت عبد المطلب کے فرزند حضرت ابو طالب تھے جن کی آغوش یتیم عبداللہ کا گھوارہ اور رسالت کی تربیت گا ہ تھی . جنہوں نے پیغمبر کو اپنے سایہ میں پرواں چڑ ھایا اور دشمنوں کے مقابلہ میں سینہ سپر ہو کر ان کی حفاظت کرتے رہے ان جلیل القدر افراد کے مقابلہ میں ابو سفیان ,حرب اور امیہ کو لانا اور ان کا ہم رتبہ خیا ل کر نا ایسا ہی ہے جیسے نور کی ضو پاشیوں سے آنکھ بند کر کے اسے ظلمت کا ہم پلہ سمجھ لینا

اس نسلی تفریق کے بعد دوسری چیز وجہ فضیلت یہ ہجرت کی ہے کہ آپ ہجرت کر نے والوں میں سے ہیں اورمعاویہ ہے طلیق اسے کہا جاتا ہے جسے پیغمبر نے فتح مکہ کے موقع پرچھوڑ دیا تھا .چنانچہ جب پیغمبر فاتحانہ طور پر مکہ میں وارد ہوئے تو قریش سے پوچھا کہ تمہارا میرے متعلق کیا خیا ل ہے کہ میں تمہارے ساتھ کیسا سلوک کروں گا .

Presented by www.ziaraat.com

سب نے کہا کہ ہم کریم ابن کریم بھلائی ہی کے امید وار ہیں .جس پر آنحضرت نے فرمایا کہ جاؤ تم طلقا ئ ہو .یعنی تم تھے تو اس قابل کے تمہیںغلام بنا کر رکھا جاتا .مگرتم پر احسان کر تے ہوئے تمہیں چھوڑ دیا جاتا ہے .ان طلقا ئ میں معاویہ اور ابوسفیان بھی تھے .چنانچہ شیخ محمدعبدہ نے اس مکتوب کے حواشی میں تحریر کیا ہے کہ:

ابو سفیان اور معاویہ دونوں طلقا ئ (آزاد کردہ لوگوں )میں سے تھے .

تیسری وجہ یہ ہے کہ آپ کا نسب واضح اور روشن ہے جس میں کہیں کوئی شبہ نہیں .ا س کے برعکس معاویہ کے لیے لفظ لصیق استعمال کیا ہے اور اہل لغت نے یصیق کے معنی الدعی الملصق بغیرا بیہ کے کئے ہیں .یعنی وہ جو اپنے با پ کے علاوہ دوسروں سے منسوب ہو .چنانچہ اس سلسلہ میں پہلا شبہ امیہ کے متعلق کیاجاتا ہے کہ وہ عبدشمس کا بیٹا تھا یا اس کا غلا م جو صرف ا س کی تربیت کی وجہ سے اس کا بیٹا کہلانے لگاتھا .چنانچہ علامہ مجلسی نے بحارالانوار میں کامل بہائی سے نقل کیا ہے :

امیہ عبدشمس کا ایک رومی غلام تھا .جب انہوں نے اس کو ہوشیار اور بافہم پایا تو اسے آزاد کر دیا ,اور اپنا بیٹا بنا لیا جس کی وجہ سے اسے امیہ ابن عبد شمس کہا جانے لگا جیسا کہ آیت اترنے سے قبل لوگ زید کو زید ابن محمد کہا کرتے تھے .

اموی سلسلہ نسب میں دوسرا شبہ یہ ہو تا ہے کہ حرب جسے فرزند امیہ کہا جا تا ہے وہ اس کا واقعی بیٹا تھا یا پر وردہ غلام تھا .چنانچہ ابن ابی الحدید نے ابو الفرج اصفہانی کی کتاب الاغانی سے نقل کیا ہے کہ:

معاویہ نے ماہر انساب دعبل سے دریافت کیا کہ تم نے عبدالمطلب کو دیکھا ہے -?کہا کہ ہاں ! پوچھا تم نے اسے کیسا پایا ?کہا کہ وہ باوقار ,خو ب رو اور روشن جبین انسان تھے اور ان کے چہرے پر نورنبوت کی درخشند گی تھی . معاویہ نے کہ اکہ کیا امیہ کو بھی دیکھا ہے .کہا کہ ہاں اسے بھی دیکھا ہے پو چھا کہ اس کو کیسا پایا ?کہا کہ کمزور جسم ,خمیدہ قامت اورآنکھوں سے نابینا تھا .اس کے آگے آگے اس کا غلام ذکوان ہوتا تھا .جو اس کو لیے لیے پھرتا تھا .معاویہ نے کہاکہ وہ تو اس کا بیٹا ابو عمر( حرب) تھا .اس نے کہا تم لوگ ایسا کہتے ہو .مگر قریش تو بس یہ جانتے ہیں کہ وہ اس کاغلام تھا .

اس سلسلہ میں تیسرا شبہ خود معاویہ کے متعلق ہے چنانچہ ابن ابی الحدید نے تحریر کیا ہے :

(معاویہ کی والدہ ) ہند مکہ میں فسق و فجور کی بد نام زندگی گزارتی تھی اور مخشری نے ربیع الابرار میں لکھا ہے کہ معاویہ کو چار آدمیوں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا جویہ ہیں .مسافر ابن ابی عمرو ,عمارہ ابن ولید ابن مغیرہ , عباس ابن عبد المطلب اور صباح.

چوتھی فضیلت یہ بیان کی گئی ہے کہ آپ حق کے پر ستار ہیں اورمعاویہ باطل کا پر ستار اور یہ امر کسی دلیل کا محتاج نہیں کہ معاویہ کی پوری زندگی حق پوشی و باطل کو شی میں گزری اور کسی مرحلہ پر بھی اس کا قدم حق کی جانب اٹھتا ہو ا نظر نہیں آتا .

Presented by www.ziaraat.com

طلحه و زبیر کے بصرہ پہنچنے کے بعد بنی تمیم ہی وہ تھے جو انتقام عثمان کی تحریک میں سر گرمی سے حصه لےنے والے اور اس فتنه کو ہوا دینے میں پیش پیش تھے .اس لیے جب عبدالله ابن عباس بصرہ کے عامل مقرر ہوئے تو انہوں نے ان کی بدعہدی وعداوت کو دیکھتے ہوئے انہیں برے سلوک ہی کا مستحق سمجھا او ایک حد تک ان کے ساتھ سختی کا برتاؤبھی کیا .مگر اس قبیله میں کچھ لوگ امیرالمومنین علیه السلام کے مخلص شیعه بھی تھے .انہوں نے جب ابن عباس کا اپنے قبیلے کے ساتھ یه رویه دیکھا ,تو حارثه ابن قدامه کے ہاتھ ایک خط حضرت کی خدمت میں تحریر کیا جس میں ابن عباس کے متشددانه رویه کی شکایت کی .جس پر حضرت نے ابن عباس کو یه خط تحریر کیا جس میں انہیں اپنی روش کے بدلنے اور حسن سلوک سے پیش آنے کی ہدایت فرمائی ہے اور انہیں اس قرابت کی طرف متوجه کیا ہے جو بنی ہاشم و بنی تمیم میں پائی جاتی ہے .اور وہ یه ہے که بنیہاشم و بنیتمیم سلسله نسب میں الیاس ابن مضر پر ایک ہو جاتے ہیں .کیونکه مدر که ابن الیاس کی اولاد سے ہاشم ہیں اورطانجه ابن الیا س کی اولاد سے تمیم تھا .

## 19 مکتوب ایک عامل کے نام :

تمہارے شہر کے زمینداروں نے تمہاری سختی ,سنگدلی تحقیر آمیز بر تا ؤ اور تشد دکے رویه کی شکایت کی ہے میں نے غور کیا تو وہ شر ک کی وجه سے اس قابل تو نظر نہیںآتے که انہیں نزدیک کر لیا جائے .اور معاہدہ کی بنا پر انہیں دور پھینکا اور دھتکارا بھی نہیں

Presented by www.ziaraat.com

یہ ایک مثل ہے کہ جو ایسے موقع پر استعمال ہوتی ہے جہاں کوئی اپنے سے زیادہ جاننے والے اور واقف کار کو بتانے بیٹھ جائے اس مثل کا واقعہ یہ ہے کہ ہجر سے کہ جو بحرین کے نزدیک ایک شہر ایک شخص بصرہ میں خریدو فروخت کے لیے آیا اور مال فروخت کرنے کے بعد جب خریدنے کے لیے بازار کا جائزہ لیا ,تو کھجوروں کے علاوہ اسے کوئی چیز ارزاں نظر نہ آئی لہٰذا اس نے کھجوروں ہی کے خریدنے کا فیصلہ کیا .اورجب کھجوریں لاد کر ہجر پہنچا تو وہاں کی کثر ت و ارزانی کی وجہ سے اس کے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا کہ فی الحال انہیں ذخیرہ کرکے رکھ د ے اور جب ان کابھاؤ چڑھے تو انہیں فروخت کرے.مگر ان کا بھاؤدن بدن گھٹتا گیا یہاں تک کہ اس انتظار میں وہ تمام گل سڑ گئیں اور اس کے پلے گٹھلیوں کے علاوہ کچھ نہ پڑ ا .بہر حال معاویہ نے پیغمبرکے مبعوث برسالت ہوبے کا تذکرہ کرنے کے بعد خلفائے ثلاثہ کے محامد و فضائل اور ان کے مراتب و مدارج پ راپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے تحریر کیا:

صحابہ میں سب سے افضل اور اللہ اور مسلمانوں کے نزدیک سب سے رفیع المنزلت خلیفہ اوّل تھے جنہوں نے سب کو ایک آواز پر جمع کیا .انتشار کو مٹایا اور اہل روہ سے جنگ و قتال کیا .ان کے بعد خلیفہ ثانی کا درجہ ہے جنہوں نے فتوحات حاصل کیں ,شہروں کو آباد کیا اور مشرکین کی گردنوںںکو ذلیل کیا .پھر خلیفہ ثالث کا درجہ ہے جو مظلوم و ستم رسیدہ تھے انہوں نے ملت کو فروغ دیا,اور کلمہ ئحق پھیلایا:

معاویہ کے اس ساز بے آہنگ کے چھیڑنے کا مقصد یہ تھا کہ و ہ ان باتوں سے آپ کے احساسات کو مجروح اور جذبات کو مشتعل کرکے آپ کے قلم یا زبان سے ایسی بات اگلوائے کہ جس سے اصحاب ثلاثہ کی مذمت و تنقیص ہو تی ہو اور پھر اسے اچھا ل کر شام و عراق کے باشندوں کو آپ کے خلاف بھڑکا ئے .اگرچہ وہ اہل شام کے ذہنوں میں پہلے یہ بٹھا چکا تھا کہ علی ابن ابی طالب نے عثمان کے خلاف لوگوں کو اکسایا ,طلحہ و زبیر کوقتل کرایا ,ام المومنین علیہ السلام کو گھر سے بے گھر کیا اور ہزاروں مسلمانوں کا خون بہایا ,اور وہ اصل واقعات سے بے خبر ہونے کی وجہ سے ان بے بنیاد باتوں پر یقین کئے بیٹھے تھے.پھر بھی محاذ اختلاف کو مضبوط کرنے کے لیے اس نے ضروری سمجھا کہ انہیں یہ ذہن نشین کرائے کہ حضرت اصحاب ثلاثہ کی فضیلت سے انکاری اور ان سے دشمنی و عناد رکھتے ہیں اور سند میں آپ کی تحریر کو پیش کر ے اور اس کے ذریعہ سے اہل عراق کو بھی ور غلائے کیونکہ ان کی کثرت ان خلفا ئ کے ماحول سے متاثر اور ان کی فضیلت و برتری کی قائل تھی .مگر

امیر لمو منین علیہ السلام نے اس کے مقصد کو بھانپ کر ایسا جواب دیا کہ جس سے اس کی زبان میں گرہ لگ جائے اور کسی کے سامنے اسے پیش کرنے کی جرات نہ کرسکے .چنانچہ اس کی اسلام دشمنی اور مجبوری اطاعت قبول کرنے کی وجہ سے اس کی پست مرتبگی کو ظاہر کرتے ہوئے اسے اپنی حد پرٹھہرنے کی ہدایت کی ہے .اور ان مہاجرین کے درجات مقرر کرنے اور ان کے طبقات پہچنوانے سے متنبہ کیا ہے کہ جواس مقابلہ میں اس لحا ظ سے بہر صورت فوقیت رکھتے تھے کہ انہوں نے ہجرت میں پیش قدمی کی اور یہ چونکہ طلیق وآزادکردہ ,مہاجرین سے دور کا بھی واسطہ نہ رکھتا تھا اس لیے مسئلہ زیر بحث میں اس کی حیثیت وہی قرار دی ہے جو جوئے کے تیروں میں نقلی تیر کی ہوتی ہے اور یہ ایک مثل ہے جو ایسے موقعہ پر استعمال کی جاتی ہے ,جہاں کو ئی شخص ایسے لوگوں پر فخر کرے کہ جن سے اس کا کوئی لگاؤ نہ ہو .رہا اس کا یہ دعویٰ کہ فلاںاورفلاںافضل ہیں تو حضرت نے لفظ زَعَمتَ سے واضح

Presented by www.ziaraat.com

کر دیا که یه اس کا ذاتی خیا ل ہے.جسے حقیقت سے دور کا بھی تعلق نہیں , کیونکه یه لفظ اسی موقع پراستعمال ہوتی ہے جہاں کسی غلط اور خلاف واقع چیز کا ادعا کیا جائے-:

اس دعوائے افضلیت کو زعم باطل قرار دینے کے بعد بنی ہاشم کے ان خصوصیات و امتیازات کی طرف اشاره کیا ہے که جو دوسروں مقابله میں ان کے کمالات کی بلند حیثیت کو نمایا ں کرتے ہیں.چنانچه جن لوگو ں نے پیغمبر کے ساتھ شریک ہو کر شہادت کا شرف حاصل کیا .انہوں نے بلند سے بلند درجات پائے .مگر حسن کارکردگی کی وجه سے جو امتیاز حضرت حمزه کو حاصل ہوا ,وه دوسروں کو حاصل نه ہوسکا چنانچه پیغمبر نے انہیں سید الشہدا ئ کے لقب سے یاد کیا .اور چوده مرتبه ان پر نماز جنازه پڑھی که جس سے تکبیروں کی مجموعی تعداد ستر تک پہنچ گئی . اس طرح مختلف جنگوں میں مجاہدین کے ہاتھ قطع ہو ئے .چنانچه جنگ بدر میں حبیب ابن یسا ف اور معاذابن جبل کے اور جنگ احد میں عمرو ابن جموح سلمیٰ اور عبیدالله ابن عتیک کے ہاتھ کاٹے گئے مگر جب جنگ موته میں حضرت جعفر ابن ابی طالب کے ہاتھ قطع ہوئے تو پیغمبر نے انہیںیه خصوصیت بخشی که انہیں الطیار فی الجنه اور ذوالجناحین کے لقب سے یاد کیا .بنی ہاشم کے امتیاز خصوصی کے بعد اپنے فضائل و کمالات کی طرف اشاره کی اہے که جن سے تاریخ و حدیث کے دامن چھلک رہے ہیں ارو جن کی صحت شک و شبہات سے آلوده نه ہو سکی .چنانچه محدثین کا قول ہے .

جتنی قابل وثوق ذرائع سے علی ابن ابی طالب کی فضیلت میں احادیث وارد ہوئی ہیں .پیغمبر کے صحابه میں سے کسی ایک کے بار ے میں بھی نہیں آئیں.

ان فضائل مخصوصه اہل بیت میں سے ایک اہم فضیلت یه ہے .جس کی طر ف ان لفظوں میں اشاره کیا ہے که نحن صنائع الله والناس بعد صنائع لنا.یه وه معراج فضیلت ہے که جس کی بلندیوں تک بلندسے بلند شخصیت کی بھی رسائی نہیں ہو سکتی اور ہر منزلت اس کے سامنے پست و سر نگوں نظرآتی ہے .چنانچه ابن ابی الحدید اس جمله کی عظمت و رفعت کا اعتراف کرتے ہوئے اس کے معانی و مطالب کے سلسله میں تحریر کرتے ہیں:

حضرت یه فرمانا چاہتے ہیں که کسی بشرکااحسان نہیں بلکه خداوند عالم نے ہمیں تمام نعمتیں براه راست دی ہیں اور ہمارے اور الله کے درمیان کوئی واسطه حائل نہیں ہے اور تمام لو گ ہمارے احسان پرور ده اور ساخته و پرواخته ہیں اورہم الله اور مخلوق کے درمیان واسطه ہیں.یه ایک عظیم منزلت اورجلیل مقام ہے .ان الفاظ کا ظاہر مفہوم وہی ہے جو تمہارے گوش گذار ہوچکا ہے .لیکن ان کے باطنی معنی یه ہیںکه ہم الله کے بندے ہیں اور تمام لو گ ہمارے بند ے اور حلقه بگوش ہیں.

لہٰذا جب یه فیضان الہی کی منزل اوّل اور مخلوق کے لیے سرچشمه نعمات ٹھہرے تو مخلوقات میں سے کسی کو ان کی سطح پر نہیں لایا جاسکتا اور نه دوسروں کے ساتھ معاشرتی تعلقات کے قائم کرنے سے کسی کوان کا ہم پایه تصور کیا جاسکتا ہے چه جائیکه وه افراد که جو ان کےکمالات و خصوصیا ت سے ایک متضا دحیثیت رکھتے ہوںاور ہرموقعه پر حق و صداقت سے ٹکرانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے ہوں .چنانچه امیرالمومنین علیه السلام معاویه کے سامنے

Presented by www.ziaraat.com

تصویر کے دونوں رخ رکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہم میں سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے ,اور جھٹلانے والوں میں پیش پیش تمہارا باپ ابو سفیان تھا .ہم میں سے حضرت حمزہ تھے جنہیں پیغمبرنے اسد اللہ کالقب دیا اور تمہارا نانا عتبہ ابن ربیعہاسد ا لاحلاف ہونے پر نازاں تھا .چنانچہ جب جنگ بدر میں حضر ت حمزہ XRاورعتبہ ابن ربیعہ سامنے ہوئے تو حضرت حمزہ نے کہا .انا حمزۃابن عبدالمطلب اسداللہ واسد رسولہ (میں حمزہ ابن عبد المطلب ہو ں جو اللہ اور اس کے رسول کا شیر ہے)جس پر عتبہ نے کہا .انا اسد الخلفاۓ (میں ہم سوگند جماعت کا شیر ہوں)اوراسد الا حلاف بھ روایت ہوا دہے مقصد اس کا یہ تھا کہ وہ حلف اٹھانے والی جماعت کا سردار تھا اس حلف کا واقعہ یہ ہے کہ جب بنی عبد مناف کو قبائل عرب میں ایک امتیازی حیثیت حاصل ہوئی تو انہوں نے چا ہا کہ بنی عبد الدار کے ہاتھوں میں جو خانہ کعبہ کے منصب ہیں وہ ان سے لے لیے جائیں اور انہیں تمام عہدوں سے الگ کر دیا جائے.اس سلسلہ میں بنی عبد مناف نے بنی اسد ابن عبد العزیٰ ,بنی تمیم ,بنی زہرہ اور بنی حارث کو اپنے ساتھ ملالیا اور باہم عہد و پیمان کیا اوراس عہد کو استوار کر نے کے لیے عطر میں اپنے ہاتھ ڈبو کر حلف اٹھایا کہ وہ ایک دوسرے کی نصرت و امداد کریں گے جس کی وجہ سے یہ قبائل حلفا مطیبین کہلا تے ہیں اور دوسری طرف بنیعبدالدار , بنیمخزوم ,بنی سہم اور بنیعدی نے بھی حلف اٹھایا کہ وہ بنی عبد مناف اور ان کے حلیف قبائل کا مقابلہ کریں گے .یہ قبائل احلاف کہلاتے ہیں.عتبہ نے حلفا ۓ مطیبین کا اپنے کوسردار گمان کیا ہے بعض شارحین نے اس سے ابو سفیان مراد لیا ہے چونکہ ا س جنگ خندق میں رسول سے لڑنے کے لیے مختلف قبائل سے حلف لیا تھا اور بعض نے اس سے اسد ابن عبدالعزیٰ مراد لیا ہے ,لیکن یہ قول چنداں وزن نہیں رکھتا کیونکہ یہاں سے روئے سخن معاویہ سے ہے اور اس سے معاویہ پر کو ئی زد نہیں پڑتی جب کہ بنی عبدمنا ف بھی اس حلف میں شامل تھے.پھر فرماتے ہیں کہ ہم میں سے جوانان اہل جنت کے سردار ہیں اور یہ پیغمبر کی حدیث »الحسن والحسین سید شباب اھل الجنۃ«کی طرف اشارہ ہے اور تم میں سے جہنمی لڑکے ہیں یہ عتبہ ابن معیط کے لڑکوں کی طرف اشارہ ہے کہ جن کے جہنمی ہونے کی خبر دیتے ہوئے پیغمبر نے عتبہ سے کہا تھا کہ لک ولھم النار (تیرے اور تیرے لڑکوں کے لیے جہنم ہے)پھر فرماتے ہیں کہ ہم میں سے بہترین زنان عالمیان فاطمۃ الزہرا علیہ السلام ہیں اور تم میں سے »حمالۃ الحطب «اس سے معاویہ کی پھوپھی ام جمیل بنت حرب مراد ہے جو کہ ابولہب کے گھر میں تھی .یہ کانٹے جمع کر کے رسول اللہ کی راہ میں بچھایا کرتی تھی قرآن مجید میں ابو لہب کے ساتھ اس کا بھی تذکرہ ان لفظوں میں ہے,

وہ عنقریب بھڑکنے والی آگ میں داخل ہوگا اور اس کی بیوی لکڑیوں کا بوجھ اٹھا ئے پھر تی ہے .

#2مطلب یہ ہے کہ جو شخص پند و نصیحت میں مبالغہ سے کام لیتا ہے ,تو ا س کے ذاتی اغراض و مقاصد کا لگا ؤ سمجھا جاتا ہے.خواہ وہ نصیحتیں کتنی ہی نیک نیتی اور بے غرضی پرمبنی ہوں .یہ مصر ع ایسے ہی مواقع پر بطور مثال استعمال ہوتا ہے اور پورا شعر اس طرح ہے

رکم سقت فی اٰثا ر کم من نصیحۃ   وقد یستفید الظنۃ المتنصح

#3یہ مصرع حمل ابن بدر کا ہے اور پور ا شعر اس طرح ہے #

Presented by www.ziaraat.com

چار ہزار جنگجوؤں کو لے کر اٹھ کھڑے ہوئے .اور دشمن کا تعاقب کرتے ہوئے مقام تدمر میں اس کو جالیا دونوں فریق میں کچھ ہی جھڑپیں ہو ئی تھیں کہ شام کا اندھیرا پھیلنے لگا اور وہ اس سے فائدہ اٹھا کر بھاگ کھڑا ہو ا .یہ وہ زمانہ تھا کہ عقیل ابن ابی طالب مکہ میں عمر ہ بجا لانے کے لیے آئے ہوئے تھے .جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ ضحا ک جبرہ پر حملہ کرنے کے بعد صحیح و سالم بچ نکلا ہے ,اوراہل کوفہ جنگ سے جی چھوڑ بیٹھے ہیں اور ان کی تمام سر گرمیاں ختم ہو گئی ہیں ,تو آپ نے نصرت و امداد کی پیش کش کرتے ہوئے عبیدالرحمٰن ابن عبید ازدی کے ہاتھ ایک مکتوب حضرت کی خدمت میں روانہ کیا جس کے جواب میں حضرت نے یہ مکتوب تحریر فرمایا ہے جس میں اہل کو فہ کے رویہ کا شکوہ اورضحاک کے فرار کا تذکرہ کیاہے .

## 37 مکتوب معاویہ ابن ابی سفیان کے نام:

اللہ اکبر !تم نفسانی خواہشو ں اور زحمت و تعب میں ڈالنے والی حیر ت و سرگشتگی سے کس بری طر ح چمٹے ہو ئے ہو.اور ساتھ ہی حقائق کو برباد کردیا ہے اور ان دلائل کو ٹھکر ا دیا ہے جو اللہ کو مطلوب اور بندوں پر حجت ہیں .تمہارا عثمان اور ان کے قاتلوں کے بارے میں جھگڑا بڑھانا کیا معنی رکھتا ہے جب #1کہ تم نے عثمان کی اس وقت مد د کی جب وہ مدد خود تمہاری ذات کے لیے تھی اور ا س وقت انہیں بے یارو مدد گا ر چھوڑدیا کہ جب تمہاری مدد ان کے حق میں مفید ہو سکتی تھی .والسلام

#1ا س میں گنجائش انکار نہیں کہ معاویہ نے حضرت عثمان کے قتل ہونے کے بعد ان کی نصرت کا دعویٰ کیا اور جب وہ محاصرہ کے دنوں میں اس سے مدد مانگ رہے تھے اور خطوط پر خطوط لکھ رہے تھے .اس وقت اس نے کروٹ لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی .البتہ کہنے کو اس نے یزید ابن اسد قسری کے زیر کمان ایک دستہ مدینہ کی طرف روانہ کیا تھا .لیکن اسے یہ حکم د ے دیا تھا کہ وہ مدینہ کے قریب وادی ذی خشب میں ٹھہرا رہے اور حالات خواہ کیسے ہی نازک ہوجائیں ,وہ مدینہ میں داخل نہ ہو .چنانچہ وہ وادی ذی خشب میں آکر ٹھہر گیا .یہاں تک کہ حضر ت عثمان قتل کردیئے ,اور وہ اپنا دستہ لے کر واپس ہو گیا .

اس میں شبہہ میں نہیں کہ معاویہ یہی چاہتا تھا کہ حضرت عثمان قتل ہو جائیں اور وہ ان کے خون کے نام پر ہنگامہ

Presented by www.ziaraat.com

رہتے ہیں ,اور کثرت استغفار سے جن کے گناہ چھٹ گئے ہیں .یہی اللہ کا گروہ ہے .اور بیشک اللہ کا گروہ ہی کا مران ہونے والا ہے .

اے ابن حنیف !اللہ سے ڈرو اور اپنی ہی روٹیوں پر قناعت کرو ,تاکہ جہنم کی آگ سے چھٹکار ا پاسکو.

#1فدک مدینہ سے دو منزل کے فاصلہ پر ایک سر سبز و شاداب مقام تھا جو یہودیوں کی ملکیت تھا اورانہی سے 7ئ ھج میں یہ علاقہ پیغمبر اسلام صلح کے طور پر حاصل ہوا .اس مصالحت کی وجہ یہ ہوئی کہ جب انہیں فتح خیبر کے بعد مسلمانوں کی طاقت کا صحیح صحیح اندازہ ہوا تو ان کے جنگجو یا نہ حوصلے پست ہو گئے اور یہ دیکھتے ہوئے کہ پیغمبر خدا نے کچھ یہودیوں کو پناہ طلب کرنے پر چھوڑدیا ہے انہوں نے بھی رسو ل خدا کوپیغام صلح بھیج کر خواہش کی کہ ان سے فدک کا علاقہ لے لیا جائے .اور ان کی سرزمین کو جنگ کی آماجگاہ نہ بنا یا جائے .چنانچہ پیغمبر اکرم نے ان کی درخواست منظور کرتے ہوئے انہیں امان دے دی .اور یہ علاقہ آپ کی خصوصی ملکیت قرار پاگیا ,جس میں کسی اورکا دخل نہ تھا , اور نہ ہو سکتا تھا .کیونکہ دوسرے مسلمانوں کا انہی اموال میں حصہ ہوتا ہے کہ جنہیں جہاد کے نتیجہ میں بطور غنیمت انہوں نے حاصل کیا ہو اور جو مال بغیر کسی فوج کشی کے حاصل ہوا ہو ,وہ مال نے کہلاتا ہے جو صرف پیغمبر کا حق ہوتا ہے جس میں کسی اور کاحصہ نہیں ہوتا .چنانچہ خداوند عالم کا ارشاد ہے .

جو مال اللہ نے اپنے رسول کو ان لوگو ں سے بغیر جنگ کے دلوایا کہ جس کے لیے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ (اس میں تمہارا کوئی حق نہیں)بلکہ اللہ اپنے پیغمبروں کوجس پرچاہتا ہے تسلط عطاکرتا ہے .

اور اس بارے میں کسی ایک نے بھی اختلاف نہیں کیا کہ فدک فوج کشی کے بغیر حاصل ہوا اس لیے یہ آنحضرت کی ذاتی جائیداد تھی .جس میں کسی دوسرے کا استحقاق نہیں تھا .چنانچہ مورخ طبری تحریر کرتا ہیں.

فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مخصوص تھا کیونکہ اس پر مسلمانوں نے نہ گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ .

اور امام بلاذری تحریر کرتے ہیں کہ.

فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصی ملکیت تھا .کیونکہ اس پر مسلمانوں نے نہ گھوڑے دڑوائے نہ اونٹ.

اور یہ بھی مسلم حیثیت سے ثابت ہے کہ آنحضرت نے اپنی زندگی میں یہ علاقہ جناب سیدہ کو بطور ہبہ عطاکردیا تھا چنانچہ ملا علی متقی تحریر کرتے ہیں کہ :

ابو سعید حذری سے روایت ہے کہ جب آیہ وآت ذاالقربیٰ حقہ نازل ہوا ,تو پیغمبر نے فرمایا کہ اے فاطمہ فدک تمہارا

Presented by www.ziaraat.com

حصه ہے .

جب حضرت ابو بکر بر سر اقتدار آئے تو انہوں نے حکومت کی بعض مصلحتوں کے پیش نظر جناب سیدہ کو بے دخل کر دیا ,اور فدک ان کے قبضہ سے نکال لیا .چنانچہ ابن حجر تحریر کرتے ہیں .

ابو بکر نے جناب فاطمہ علیہ السلام کے ہاتھ سے فدک چھین لیا .

جناب سیدہ نے اس کے خلاف آواز بلند کی اور حضرت ابوبکر سے احتجاج کرتے ہوئے فرمایا کہ تم نے فدک پرقبضہ کرلیا ہے حالانکہ رسول اللہ اپنی زندگی میں مجھے ہبہ فرما چکے تھے .جس پرابوبکر نے جناب سیدہ سے ہبہ کے گواہ طلب کئے .چنانچہ امیرالمومنین علیہ السلام اور ام ایمن نے ان کے حق میں گواہی دی .مگر حضرت ابو بکر کے نزدیک یہ شہادت قابل تسلیم نہیں سمجھی گئی اور جناب سیدہ کے دعویٰ کو غلط بیانی پر محمول کر تے ہوئے خارج کردیا گیا.چنانچہ امام بلا ذری تحریر فرماتے ہیں .

حضرت فاطمہ نے ابو بکر سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فدک مجھے دیا تھا .لہٰذا وہ میرے حوالے کرو . اورامیرالمومنین علیہ السلام نے ان کے حق میں گواہی دی.حضرت ابوبکر نے دوسرے گواہ کا مطالبہ کیا .چنانچہ دوسر ی گواہی ام ایمن نے دی جس پر ابوبکر نے کہا .اے دختر رسول تم جانتی ہو کہ اگر گواہی کے لیے دو مرد یا ایک مرد اور دوعورتیں ہونا چاہئیں .

ان شواہد کے بعدان میں قطعاً گنجائش انکارنہیں رہتی کہ فدک پیغمبر کی مخصوص ملکیت تھا اورانہوں نے اپنی زندگی میں جناب سیدہ کو قبضہ دلا کر ہبہ کی تکمیل کردی تھی .لیکن حضرت ابو بکر نے ا س کا قبضہ چھین کر آپ کو بے دخل کر دیااور اسی سلسلہ میں حضرت علی اور ام ایمن کی گواہی اس وجہ سے مسترد کردی کہ ایک مرد اور ایک عورت سے نصاب شہادت پورا نہیںہوتا .اس مقام پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب فدک پر جناب سیدہ کا قبضہ مسلّم ہے جیسا کہ حضرت نے بھی اس مکتوب میں بلیٰ کانت فی ایدینا فدک سے اس کی صراحت کی ہے .تو حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہا سے ان کے دعویٰ پرثبوت طلب کرنے کے کیا معنی ہوتے ہیں جب کہ بار ثبوت کے ذمہ نہیں ہوتا جس کا قبضہ ہو ?بلکہ جو اس کے خلاف دعویٰ پر ثبوت کا بہم پہنچانا بھی اس کے ذمہ ہوتا ہے کیونکہ قبضہ خود ایک دلیل کی حیثیت رکھتا ہے .لہٰذا حضرت ابو بکر پر یہ امر عائد ہوتا تھا .کہ وہ اپنے تصرف کے جواز پر کو ئی ثبوت پیش کرتے اوردر صور تیکہ وہ اپنے دعویٰ پر کوئی دلیل نہ لاسکے ,جناب سیدہ کا قبضہ ان کی صحیح ملکیت کا ثبوت ہو گا اور اس صورت میں ان سے کسی اور ثبوت اور مشاہدہ کا مطالبہ کرنا بنیادی طور پر غلط ہو گا .

حیرت اس پر ہوتی ہے کہ جب حضرت ابو بکر کے سامنے اسی نوعیت کے اور قضا یا پیش ہو تے ہیں تو وہ محض دعوےٰ کی بنا پر مدعی کے حق میں فیصلہ کردیتے ہیں نہ اس سے ثبوت طلب کیا جاتا ہے اور نہ گواہیوں کا مطالبہ ہوتا ہے چنانچہ امام بخاری تحریر کرتے ہیں .

جابر ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ مجھ سے رسول اللہ نے فرمایا تھا کہ اگر بحرین کا مال آیا تو میں

Presented by www.ziaraat.com

تمہیں اتنا اور اتنا دوں گا.مگر وفات پیغمبر تک وہ مال نہ آیا ,اور جب ابوبکر کے زمانہ میں آیا تو وہ ان کے پاس گئے اور ابو بکر نے اعلان کرایا کہ جس کا رسول اللہ پر قرض ہو یا انہوں نے کسی سے وعدہ کیا ہو تو وہ ہمارے پاس آئے.چنانچہ میں ان کے پاس گیا اور ان سے واقعہ بیان کیا کہ پیغمبر نے بحرین کا مال آنے پر مجھے اتنا اور اتنا دینے کا وعدہ کیا تھا جس پر انہوں نے عطاکردیا.

اسی حدیث کی شرح میں ابن حجر عسقلانی نے تحریر کیا ہے .

یہ خبر اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ صحابہ میں سے ایک عادل کی بھی خبر قبول کی جاسکتی ہے اگر چہ وہ خود اسی کے فائدے کے لیے کیوں نہ ہوکیونکہ ابوبکر نے جابر سے ان کے دعویٰ کی صحت پر کو ئی گواہ طلب نہیں کیا .

اگر حسن ظن پر بنا کرتے ہوئے بغیر کسی شاہد اور بینہ کے جابر کو مال دے دینا جائز تھا تو اسی حسن ظن کی بنا پر جنا ب سیدہ کے دعویٰ کی تصدیق کرنے میں کیا چیز مانع تھی جب کہ جابر کے متعلق یہ خو ش اعتمادی کیوں نہیں پیدا ہوسکتی ہے کہ وہ غلط بیانی سے کام نہیں لے سکتے .تو جناب سیدہ کے متعلق یہ خوش اعتمادی کیوں نہیں ہو سکتی کہ وہ ایک قطعہ زمین کی خاطر رسول اللہ پر افترا نہیں باند ھ سکتیں .اوّلاًآپ کی مسلمہ صداقت و دیانت ہی اس کے لیے کافی تھی کہ آپ کوان دعویٰ میں سچا سمجھا جاتا چہ جائیکہ حضر ت علی علیہ السلام اور ام ایمن کی گواہی بھی ان کے حق میں موجود ہو اور یہ کہنا کہ ان دو گواہیوں سے جناب سیدہ کے حق میں فیصلہ نہیںہو سکتا تھا .کیونکہ قرآن نے شہادت کا اصول مقرر کیا ہے کہ :

اپنے مردوں میں سے دو کی گواہی لیا کرو اور اگردو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں .

اگریہ اصول ہمہ گیر تھا تو ہر موقع پر اس کا لحاظ ہونا چاہیے تھا .حالانکہ بعض موارد پر اس کی پابندی نظر نہیں آتی چنانچہ جب ایک اعرابی ناقہ کے معاملہ میں آنحضرت سے جھگڑا کیا ,تو خزیمہ ابن ثابت نے پیغمبر کے حق میں گواہی دی اور اس ایک گواہی کو دو گواہیوں کے برابر قرار دیا گیا .کیونکہ جن کے حق میں یہ گواہی تھی .ان کی دیانت و صداقت میں کو ئی شبہ نہ تھا اس لیے نہ آیہ شہادت کے عموم پر کچھ رخنہ پڑا ,اورنہ اسے آئین شہادت کے خلاف سمجھا گیا .تو اگر یہاں پیغمبر کی صداقت کے پیش نظر ان کے حق میں ایک گواہی کافی سمجھی گئی ,تو کیا جناب سیدہ کی اخلاقی عظمت اور راست گفتاری کی بنا ئ پر حضرت علی و ام ایمن کی گواہی کو ان کے حق میں کافی نہیں سمجھا جاسکتا ہے .اس کے علاوہ اس آیت میں حصر نہیں کیا گیا کہ ان دو صورتوں کے علاوہ اور کو ئی صورت اثبات مدعاکے لیے نہیں ہو سکتی .چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمتہ نے احقاق الحق باب المطاعن میں تحریر کیا ہے .

»معترض کا یہ کہنا کہ ام ایمن کی گواہی سے نصاب شہادت نامکمل رہتا ہے یہ اس بنا پر غلط ہے کہ بعض احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایک گواہ اور حلف سے بھی حکم لگانا جائز ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ قرآن کا حکم منسوخ قرار پائے کیونکہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ دو مردوں یا ایک مرد اور دوعورتوں کی گواہی سے حکم لگایا جاسکتا ہے اور ان کی گواہی سند و حجت ہے.مگراس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ اگر شہادت کے علاوہ کو ئی اور دلیل

Presented by www.ziaraat.com

ہوتو وہ قبول نہیں ہے اور نہ اس بنا پر حکم لگایا جا سکتا ہے. مگر یہ کہا جائے کہ اس کا مفہوم (لازمی معنی)یہی نکلتا ہے .لیکن (ہرموردمیں )مفہوم حجت نہیں ہوتا .لہٰذا اس مفہوم کوبرطرف کیا جاسکتا ہے جبکہ حدیث میں اس مفہوم کے خلاف صراحت موجود ہے اور مفہوم کو برطرف کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آیت منسوخ ہوجائے دوسرے یہ کہ آیت میں دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی میں اختیا ر دیا گیاہے اور اگر ارزوئے حدیث ان دو شقوں میں ایک شق کا اور اضافہ ہوجائے اور وہ یہ کہ ایک گواہی اورقسم سے بھی فیصلہ ہوسکتا ہے تو اس سے یہ کہا ں لازم آتا ہے کہ قرآنی آیت کاحکم منسوخ ہو جائے .

بہر حال اس جو اب سے یہ امر وضح ہے کہ مدعی اپنے دعویٰ کے اثبات کے لیے اس کا محتاج نہیں کہ دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی پیش کرے .بلکہ اگر ایک شاہد کے ساتھ کے ساتھ حلف اٹھائے تو اسے اس دعویٰ میں سچا سمجھتے ہوئے اس کے حق میں فیصلہ ہوسکتا ہے .چنانچہ ملا علی متقی تحریر کرتے ہیں .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ,ابوبکر ,عمر اور عثمان ایک گواہی اورمدعی کی قسم پر فیصلہ کردیاکرتے تھے.

جب ایک گواہ اور قسم پر فیصلے ہوتے تھے تو اگر حضرت ابوبکر کی نظر میں نصاب شہادت نامکمل تھا ,تو وہ جناب سیدہ سے قسم لے لیتے اور ان کے حق میں فیصلہ کردیتے مگر یہاں تو مقصد ہی یہ تھا کہ جناب سیدہ کی صداقت کو مجروح کیا جائے تاکہ آئندہ کسی منزل پران کی تصدیق کا سوال ہی پیدا نہ ہو .

بہر صورت جب اس طرح جناب فاطمہ کادعویٰ مسترد کر دیا گیا اور فدک کو ہبہ رسول نہ سمجھا گیا تو آپ نے میراث کی رو سے اس کا مطالبہ کیا کہ اگر تم یہ نہیں مانتے کہ پیغمبر نے مجھے ہبہ کیاتھا ,تو اس سے تو انکار نہیں کرسکتے کہ فدک پیغمبر کی مخصوص ملکیت تھا اور میں ان کی تنہا وارث ہوں .چنانچہ عبدالکریم شہر ستانی تحریر کرتے ہیں.

جناب فاطمہ علیہا السلام نے ایک دفعہ وراثت کی رو سے دعویٰ کیا اور ایک دفعہ ملکیت کی رو سے مگر آپ کو اس سے محروم کردیا گیا اس مشہور روایت کی وجہ سے جوپیغمبر سے مروی ہے کہ»آپ نے فرمایاکہ ہم گروہ انبیا ئ کسی کو اپنا وارث نہیں بناتے .بلکہ جو چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے «.

اس قول کا جسے حدیث رسول کہہ کر پیش کیاگیا ,حضرت ابوبکر کے علاوہ کسی کو علم نہ تھا اور نہ صحابہ میں سے کسی اور نے اسے سنا تھا چنانچہ جلال الدین سیوطی نے تحریر کیا ہے کہ :

آنحضرت کی وفات کے بعد آپ کی میراث کے بارے میں اختلاف پیدا ہوا .اور کسی کے پاس اس کے متعلق کو ئی اطلاع نہ تھی . البتہ ابوبکر نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہو ئے سنا ہے کہ ہم گروہ انبیا ئ کسی کو اپنا وارث نہیں بناتے بلکہ جو چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے .

عقل یہ تسلیم کرنے سے انکاری ہے کہ پیغمبر ان افرادکو جو آپ کے وارث سمجھے جاسکتے تھے یہ تک نہ بتائیں کہ وہ وارث نہیں ہوں گے اور ایک اجنبی کو کہ جسے آنحضرت کی رواثت سے دور کا بھی لگاؤ نہ تھا یہ بتا جائیں کہ ان کا کو ئی وارث نہیں ہے پھر یہ روایت اس وقت منظر عام پر لا ئی جاتی ہے جب کہ فدک کا مقدمہ آپ کی عدالت

Presented by www.ziaraat.com

میں دائر ہو چکا تھا اور وہ خود ا س میں ایک فریق کے مخالف کی حیثیت رکھتے تھے تو ایسی صورت میں ان کا اپنی تائید میں ایسی روایت پیش کرنا جو صرف انہی سے سنی گئی ہو ,کیونکر قابل تسلیم ہو سکتی ہے .اور اگر یہ کہا جائے کہ حضرت ابوبکر کی جلالت قدر کے پیش نظر اس روایت پر اعتماد کرنا چاہیے تو اگر ان کی عظمت و منزلت کی بنا پر ا س روایت پر وثوق کیا جا سکتا ہے تو کیا جناب سیدہ کی دیانت وراست بازی کے پیش نظر ان کے دعویٰ ہبہ پر اعتماد نہیںکیا جاسکتا تھا .جب امیرالمومنین علیہ السلام اور ام ایمن کی شہادت طلب کی جاسکتی ہے . جب کہ یہ روایت قرآن کے عموی حکم وراثت کے بھی خلاف ہے اور ایسی روایت جو روایتہ کمزور اور درایتہ مقدوح و مجروح ہو ,قرآن کے عموی حکم وراثت کی مخصص کیونکر قرار پاسکتی ہے جب کہ قر آن میں انبیا کی وراثت کا صرا حتہ تذکرہ موجود ہے .چنانچہ ارشاد الہی ہے :

سلیمان داؤد کے وارث ہوئے .

دوسرے موقع پرجناب ذکریا علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ و السلام کی زبانی ارشادہے :

میں اپنے بعد اپنے بنی اعمام سے ڈرتا ہوں .اس لیے کہ میری بیوی بے اولاد ہے (اے اللہ !)تو مجھ کو اپنی طر ف سے ایک ولی عطا فرما جو میرا اور اولاد یعقوب کا وارث ہو ,اور اے اللہ تو اسے پسندیدہ قراردے.

ان آیات میں ورثہ سے مال ہی کا ورثہ مراد ہے .اور اسے معنی مجازی پر محمول کرتے ہوئے علم و نبوت کا ورثہ مراد لینا نہ صرف بعید بلکہ واقعیت کے بھی خلاف ہے .کیونکہ علم و نبوت کا ورثہ میں ملنے والی چیزیں نہیں ہیں اورنہ ان میں بطور ورثہ منتقل ہوا کرتیں .تو پھر تمام انبیا ئ کی اولاد کونبی ہونا چاہیے تھا .اس تفریق کے کوئی معنی نہیں کہ بعض انبیا ئ کی اولاد کو ورثہ نبوت ملے اور بعض کو اس سے محروم کردیا جائے حیرت ہے کے نبوت کے بطور ورثہ منتقل ہو نے کا نظریہ ان لوگوں کی طرف سے پیش ہوتا ہے جو ہمیشہ سے شیعوں پر اعتراض کرتے چلے آئے ہیں کہ انہوں نے امامت و خلافت کو ایک موروثی چیز قرار دے کر اسے ایک ہی خاندا ن میں منحصر کردیا ہے تو کیا یہاں ورثہ نبوت ایک موروثی چیز بن کر نہ ر ہ جائے گی .

اگر حضر ت ابو بکر کی نظر میں اس حدیث کی رو سے پیغمبر کا کوئی وارث نہیں ہوسکتا تھا تو اس وقت یہ حدیث کہاں تھی کہ جب حضرت فاطمہ علیہ السلام کا حق وراثت تسلیم کرتے ہوئے دستاویز تحریر کردی تھی . چنانچہ صاحب سیرۃ حلبیہ سبط ابن جوزی سے نقل کرتے ہیں .

حضرت ابو بکر منبر پر تھے کہ جناب فاطمہ تشریف لائیں اور فرمایا کہ قرآن میں یہ تو ہو کہ تمہاری بیٹی تمہاری وارث بنے اور میں اپنے باپ کا ورثہ نہ پاؤں اس پر حضرت ابو بکر رونے لگے اور منبر سے نیچے اتر آئے اور حضرت فاطمہ کو دستاویز لکھ دی .اتنے میں حضرت عمر آئے اورپو چھا کیا ہے ؟حضرت ابو بکر نے کہا میں نے حضرت فاطمہ علیہ السلام کے لیے میراث کا نوشتہ لکھ دیا ہے کہ جو انہیں ان کے باپ کی طرف سے پہنچتی ہے .حضرت عمر نے کہا کہ پھر مسلمانوں پر کیا صرف کرو گے جب کہ تم عرب تم سے جنگ کے لیے آمادہ ہیں ,اور یہ کہہ کر حضرت عمر نے وہ تحریر چاک کر ڈالی اس طرز عمل کو دیکھنے کے بعد ہر صاحب بصیرت بآسانی ا س نتیجہ پر پہنچ سکتا

Presented by www.ziaraat.com

ہے کہ یہ روایت خود ساختہ اور غلط ہے اور صرف فدک پر تصرف حاصل کرنے کے لیے گڑھ لی گئی ہے تھی .چنانچہ جناب سیدہ نے اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس طرح اپنے غم وغصہ کا اظہار کیا کہ حضرت ابوبکر وعمر کے بارے میں وصیت فرمادی کہ یہ دونوں ان کی نماز جنازہ میں شریک نہ ہوں . جناب سیدہ کی اس نا راضگی کو جذبات پر محمول کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو کم کرنا کسی صحیح جذبہ کی بنا پر نہیں ہے .کیونکہ اگر یہ ناراضگی جذبات کے ماتحت ہوتی .تو امیرالمومنین علیہ السلام حضرت زہر ا علیہ السلام کی اس بے محل ناراضگی کو روکتے .مگر کوئی تاریخ یہ نہیں بتاتی کہ جناب امیر علیہ السلام نے اس

نا راضگی کوبے محل سمجھا ہو .اور پھر آپ کی ناراضگی ذاتی رنجش اور جذبات کے نتیجہ میں ہو کیسے سکتی تھی .جب کہ ا ن کی خوشنودی و ناخشنودی عین منشائے الہی کے مطابق ہو تی تھی .چنانچہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد اس کا شاہدہے .

اے فاطمہ (صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہا)اللہ تمہارے غضب سے غضبناک اور تمہاری خوشنودی سے خوشنود ہوتا ہے.

## 46 مکتوب ایک عامل کے نام :

تم ان لوگوں میں سے ہو جن سے دین کے قیام میں مدد لیتا ہوں . اور گنہگاروں کی نخوت توڑتا ہوں .اور خطرناک سرحدوں کی حفاظت کرتا ہوں .پیش آنے والی مہمات میں اللہ سے مدد مانگو . (رعیت کے بارے میں )سختی کے ساتھ کچھ نرمی کی آمیزش کئے رہو . جہاں تک مناسب ہو نرمی برتو ,اور جب سختی کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو تو سختی کرو.رعیت سے خوش خلقی اور کشادہ روئی سے پیش آؤ .ان سے اپنا رویہ نرم رکھو .اور کنکھیوں اور نظر بھر کردیکھنے اور اشارہ اورسلام کرنے میں برابری کرو تاکہ بڑے لو گ تم سے بے راہ روی کی توقع نہ رکھیں اور کمزور تمہارے انصاف سے مایوس نہ ہوں .والسلام.

Presented by www.ziaraat.com

مسخ کردیا .پھر دونوں میں بہت زیادہ تلخ کلامی ہوئی .اور حضرت عائشہ انہیں ایک مشہور آدمی سے تشبیہ دیتے ہوئے نعثل کہا کرتی تھیں.

لو گ حضرت عثمان کے ہاتھوں نالاں تھے ہی ان باتوں سے ان کی ہمت بندھی اور انہوں نے ان کو محا صرہ میں لے لیا تاکہ وہ اپنی روش میں ترمیم کریں یا خلافت سے کنارہ کش ہوجائیں اور ان حالات میں یہ قوی اندیشہ تھا کہ اگر انہوں نے ان دو میں سے ایک بات تسلیم نہ کی تو قتل کر دیئے جائیں گے اوریہ سب کچھ حضرت عائشہ کی نظر وں کے سامنے تھا .مگر انہوں نے اس کی طرف کو ئی توجہنہ کی اور انہیں محاصرہ میں چھوڑ کر مکہ جانے کا تہیہ کرلیا.حالانکہ ا س موقع پر مروان اور عتاب ابن اسید نے ان سے کہا بھی کہ اگر آپ اپنا سفر ملتوی کردیں توممکن ہے کہ ان کی جان بچ جائے اوریہ ہجوم چھٹ جائے مگر آپ نے فرمایا میں نے حج کا ارادہ مصمم کر لیا ہے .جسے بدلا نہیں جاسکتا جس پر مروان نے بطور تمثیل یہ شعر پڑھا .

حرق قیس علی البلاد حتیٰ اذا اضطر مت اجذ ما

(ترجمہ) قیس نے میرے خلاف شہروں میں آگ لگا ئی اور جب وہ شعلہ در ہوئے تو دامن بچا کر چلتا ہوا .

اسی طرح طلحہ و زبیر کے غصہ کا پارہ بھی ان کے خلاف چڑھا رہتا تھا اور وہ اس آگ کوبھڑکانے اور مخالفت کو ہوا دینے میں پیش پیش رہتے تھے اور اس لحا ظ سے بڑ ی حد تک قتل عثمان میں شریک اور ان کے خون کے ذمہ دار تھے .اوردوسرے لو گ بھی ان کو اسی حیثیت سے جانتے اورانہی کو قاتل ٹھہراتے تھے اوران کے ہوا خواہ بھی صفائی پیش کرنے سے قاصر رہتے تھے .چنانچہ ابن قیتبہ تحریر کرتے ہیں .کہ جب مقام اوطاس میں حضرت عائشہ سے مغیرہ ابن شعبہ کی ملاقات ہوئی تو اس نے آپ سے دریافت کیا کہ:

اے ام المومنین کہاں کا ارادہ ہے ؟فرمایا بصرے کا کہا کہ وہاں کیا کام ہے ؟فرمایا خون عثمان کاقصاص لینا ہے اس نے کہا کہ عثما ن کے قاتل تو آپ کے ہمراہ ہیں .پھر مروان کی طرف متوجہ ہوا ,اور پوچھا کہ تمہارا کہا ںکا ارادہ ہے ؟ اس نے کہا کہ میں بھی بصرہ جارہا ہوں کہا کس مقصد کے لیے ؟کہا کہ عثمان کے قاتلوں سے بدلہ لینا ہے اس نے کہا کہ عثمان کے قاتل تو تمہارے ساتھ ہی ہیں؛اور انہی طلحہ و زبیر نے تو انہیں قتل کیا تھا .

بہر صورت جب یہ قاتلین عثمان کی جماعت امیر المومنین علیہ السلام کو مورد الزام ٹھہر ا کر بصرہ میں ہنگامہ آرائی کے لیے پہنچ گئی تو امیر المومنین علیہ السلام بھی اس فتنہ کو دبانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے اور اہل کوفہ کا تعاون حاصل کرنے کے لیے یہ خط لکھا جن پر وہاں کے جانبازوں اور جانثاروںکی ایک عظیم جماعت اٹھ کھڑی ہوئی اور آپ کی فوج میں آکر شامل ہو گئی اور پوری ہمت و جوانمردی سے دشمن کا مقابلہ کیا جس میں امیرالمومنین علیہ السلام نے بھی اعتراف کیا ہے ,چنانچہ اس کے بعد کا مکتوب اسی اعترا ف حقیقت کے سلسلہ میں ہے.

Presented by www.ziaraat.com

قیام اور رعیت کی فلاح ببہود کے سلسلہ میں پوری رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے .

جب 83ئھج میں مالک ابن حارث اشتر رحمتہ اللہ مصرکی حکومت پر فائز ہوئے تو حضرت علیہ السلام نے یہ عہد نامہ ان کے لیے قلمبند فرمایا:مالک اشتر امیرالمومنین علیہ السلام کے ان خواص اصحاب میں سے تھے جو استقلال و پامردی کے جوہر دکھا کر کامل وثوق و اعتماد اور اپنے اخلاق و کردارکو حضرت کے اخلاق و کردار کے سانچے میں ڈھال کر انتہائی قرب واختصاص حاصل کر چکے تھے ,جس کا اندازہ حضرت کے لحاظ الفاظ سے کیا ہے کہ »لقد کان لی مثل ماکنت لرسول اللہ «مالک میری نظروں میں ایسے تھے .جیسا مین رسول اللہ کی نظر میں تھا چنانچہ انہوں نے بے لوث جذبہ خدمت سے متاثر ہوکر جنگی مہمات میں بڑ ھ چڑھ کر حصہ لیا .اور تمام معرکوں اورمہموں میں حضرت علیہ السلام کے دست بازو ثابت ہوئے اور ہمت و جرات کے وہ جوہر دکھائے کہ تمام عرب پر ان کی شجاعت کی دھاک بندھ گئی .اس غیر معمولی شجاعت کے ساتھ حلم و بر د باری میں بھی بلند امتیاز کے حامل تھے .چنانچہ و رام ابن ابی فراس نے اپنے مجموعہ میں تحریر کیا ہے کہ آپ ایک دفعہ ٹاٹ کا پیراہن پہنے اور ٹاٹ ہی کا عمامہ باندھے ہوئے بازار کوفہ سے گزر رہے تھے کہ ایک سرپھرے دوکاندار نے آپ کو اس وضع و لباس میں دیکھ کر کچھ گلے سڑے پتے اور شاخیں آپ کے اوپر پھینک دیں .مگر ناشائستہ حرکت سے آپ کی پیشانی پر نہ بل آیا اور نہ ہی نظر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا بلکہ خاموشی کے ساتھ آگے بڑ ھ گئے کہ ایک شخص نے اس دوکاندار سے کہا کہ تمہیں معلوم ہے کہ یہ گستاخی تم نے کس کے ساتھ کی ہے .اس نے کہا مجھے معلوم نہیں کہ یہ کون تھے کہا کہ یہ مالک اشتر تھے یہ سن کر ہوش وحواس اڑگئے اور اسی وقت ان کے پیچھے دوڑا تاکہ ان سے ا س گستاخی و اہانت کی معافی مانگے ,چنانچہ تلاش کرتا ہوا ایک مسجد میں پہنچا جہاں وہ نماز پڑھ رہے تھے .جب نماز سے فارغ ہوئے تو یہ آگے بڑ ھ کر ان کے قدموں پر گر پڑا ,اور نہایت الحاح و زاری سے عفو کا طالب ہوا .آپ نے اس کے سر کو اوپر اٹھایا اور فرمایا کہ خدا کی قسم میں مسجد میں اس غرض سے آیا ہوں کہ تمہارے لیے بارگاہ خداوند ی میں دعائے مغفرت کروں ,میں نے تو تمہیں اسی وقت معاف کر دیا تھا اور امید ہے کہ اللہ بھی تمہیں معاف کردے گا .یہ ہے اس نبرد آزما کا عفو و درگزر جس کے نام سے بہادروں کے زہرے آب ہوجاتے تھے اور جس کی تلوار نے شجاعان عرب سے اپنا لوہا منوالیا تھا اور شجاعت کا اصلی جوہر یہی ہے کہ انسان غیظ وغضب کی تلخیوں میں ضبط سے کام لے اور ناگواریوں کوصبر و سکون کے ساتھ جھیل لے جائے چنانچہ حضرت کا ارشاد ہے کہ .

لوگوں میں بڑھ چڑھ کر شجاع وہ ہے جو ہو انفس پر غلبہ پائے.

بہرحال خصوصیات و اوصاف کے علاوہ وہ نظم و انصرام مملکت کی بھی پوری صلاحیت رکھتے تھے .چنانچہ جب مصر میں عثمانی گرو ہ نے تخریبی جراثیم پھیلانا شروع کئے اور شرو فساد سے ملک کے نظم و نسق کو درہم برہم کرنا چاہا ,تو حضرت نے محمد ابن ابی بکر کو وہاں کی حکومت سے الگ کر کے آپ ہی کے تقرر کا فیصلہ کیا اگرچہ وہ اس وقت نصیبین میں گورنر کی حیثیت سے مقیم تھے .مگر حضرت نے انہیں طلب فرمایا کہ وہ نصیبینمیں کسی کو اپنا نائب مقرر کرکے ان کے پا س پہنچیں .مالک نے اس فرمان کے بعدشبیبابن عامر ازدی کو اپنی جگہ پر متعین کیا اور خود امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت میں پہنچ گئے .حضرت نے انہیں حکومت کا پروانہ لکھ کر مصر روانہ

Presented by www.ziaraat.com

کیا اور اہل مصر کو ان کی اطاعت فرمانبرداری کا تحریری حکم بھیجا .جب معاویہ کو اپنے جاسوسوں کے ذریعہ مالک اشتر کے تقرر کا علم ہوا تو وہ چکر ا ساگیا کیونکہ وہ عمرو ابن عاص سے یہ وعدہ کر چکا تھا کہ وہ اسے اس کی کار کردگیوں کے صلہ میں مصر کی حکومت دے گا .اور اسے یہ توقع تھی کہ عمرو ابن عاص محمد ابن ابی بکر کو بآسانی شکست دے کر ان کے ہاتھ سے اقتدار چھین لے گا .مگر مالک اشتر کو مغلوب کرکے مصرکو فتح کرنے کا وہ تصور بھی نہ کر سکتا تھا .لہٰذا اس نے یہ تہیا کر لیا کہ قبل اس کے کہ ان کے ہاتھوں میں اقتدار منتقل ہو انہیں ٹھکانے لگا دے چنانچہ اس نے شہر عریش کے ایک تعلقہ دا ر سے یہ ساز باز کی کہ جب مالک مصر جاتے ہوئے عریش سے گزریں تو وہ کسی تدبیر سے انہیں ہلاک کر دے اور ا س کے عوض اس کی جائیداد کا مالیہ و اگذار کردیا جائے گا.چنانچہ مالک اشتر جب اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ عریش پہنچے .تو اس نے بڑی آؤبھگت کی اورآپ کی مہمان ٹھہرانے پر مصر ہوا ,آپ اس کی دعوت کو منظور فرماتے ہوئے اس کے ہاں فرو کش ہوئے اور جب کھانے سے فارغ ہوئے تو اس نے شہد کے شربت میں زہر کی آمیزش کر کے آپ کے سامنے پیش کیا جس کے پیتے ہی زہر کا اثر شروع ہو گیا.اور دیکھتے ہی دیکھتے تلواروں کے سایہ میں کھیلنے والا اور دشمن کی صفوں کو الٹ دینے والا خاموشی سے موت کی آغوش میں سو گیا .

جب معاویہ کو اپنی اس دسیسہ کا ری میں کامیابی کی اطلاع ہوئی تو مسر ت سے جھوم اٹھا اور خوشی کا نعرہ لگاتے ہوئے کہنے لگا .الا دان للہ جنوداًمن عسل شہد بھی اللہ کا ایک لشکر ہے .اور پھر ایک خطبہ کے دوران میں کہاکہ .

علی ابن ابی طالب کے دودست راست ایک صفین کے دن کٹ گیا اور وہ عمار یاسر تھے ,اوردوسرا بھی قطع ہو گیا . اور وہ مالک اشتر تھے.

## 54 مکتوب جو عمر ان ابن حصین خزاعی کے ہاتھ طلحہ و زبیر کے پاس بھیجا

.اس خط کو ابو جعفر اسکافی نے اپنی کتاب مقامات میں کہ امیرا لمو منین علیہ السلام کے فضائل میں ہے ذکر کیا ہے .چاہے تم کتنا ہی چھپاؤ مگر تم دونوں واقف ہو کہ میں لوگوں کی طرف نہیں بڑھا .بلکہ وہ بڑھ کر میری طرف آئے.میں نے اپنا ہاتھ بیعت لینے کے لیے نہیں بڑھایا ,بلکہ انہوں نے خود میرے ہاتھ پر بیعت کی ,اور تم دونوں بھی انہی لوگوں میں سے ہو کہ جو میری طرف بڑھ کر آئے

Presented by www.ziaraat.com

نے ان واضح ارشادات کو اس طرح نظر انداز کر دیا کہ گویا ان کے کان کبھی ان سے آشنا ہوئے ہی نہ تھے اور انتخاب کو اس درجہ ضروری سمجھا کہ تجہیزوتکفین پیغمبر کو چھوڑچھاڑ کر سقیفہ بنیساعدہ میں جمع ہو گئے اور جمہوریت کے نام پر حضرت ابو بکر کوخلیفہ منتخب کرلیا .یہ موقع امیر المومنین علیہ السلام کے لیے انتہائی کشمکش کا تھا کیونکہ ایک طرف کچھ مفادپرست لوگ یہ چاہ رہے تھے کہ آپ شمشیر بکف میدان میں اترآئیں اور اور دوسری طرف آپ یہ دیکھ رہے تھے ک وہ عرب جو اسلام کی طاقت سے مرعوب ہو کراسلام لائے تھے ,مرتد ہوتے جارہے تھے اور مسیلمہ کذاب و طلیحہ ابن خویلد قبیلوں قبیلوں کے قبیلوں کو گمراہی کی طرف جھونک رہے ہیں . ان حالات میں اگر خانہ جنگی شروع ہو گئی اورمسلمانوں کی تلواریں مسلمانوں کے مقابلے میں بے نیام ترجیح دی اور وحدت اسلامی کو برقرار رکھنے کے لیے تلوار کا سہارا لینے کے بجائے خاموشی کے ساتھ احتجاج کا فی سمجھا ,کیونکہ آپ کو ظاہر ی اقتدار اتنا عزیز نہ تھا .جتنی ملت کی فلاح و بہبود عزیزتھی اور منافقین کی ریشہ دوانیوں کے سدباب اورفتنہ پروازوں کے عزائم کو ناکام بنانے کے سوا چارہ نہ تھا کہ آپ اپنے حق سے دستبردار ہوکر جنگ کو ہوا نہ دیں اور یہ بقائے ملت و اسلام کے سلسلہ میں اتنا بڑا کارنامہ ہے جس کا تمام فرق اسلامیہ کو اعتراف ہے .

#2میں شراب نوشی کرنے والے سے مراد ولید ابن عقبیٰ ہے .جس نے کوفہ میں شراب پی اور نشہ کی حالت میں نماز پڑھائی اور اس کی پاداش میں اسے کوڑے لگائے گئے .چنانچہ ابن ابی الحدید نے ابو الفرج اصفہانی سے نقل کیا ہے.

ولید بدکا ر اور شراب خوار تھا .ا س نے کو فہ میں شراب پی,اور مسجد جامع میں لوگوں کو صبح کی نماز دو رکعت کے بجائے چار رکعت پڑھادی .پھر ان کی طرف توجہ ہو ا اور کہا کہ اگر تم چاہو تو کچھ اور بڑھا دو اور مالی انتفاع کی وجہ سے ایمان لانے والے سے مراد معاویہ ہے کہ جو صرف دنیاوی انتفاعات کی وجہ سے اپنا رشتہ اسلام سے جوڑے ہوئے تھا .

## 63 مکتوب عامل کوفہ ابوموسیٰ اشعری کے نام :

جب حضرت کو خبر پہنچی کہ وہ اہل کو فہ کوجنگ کے سلسلہ میں جب آپ نے انہیں مدد کے لیے بلایاتھا.رو ک رہا ہے .

خداکے بندے علی امیرالمومنین علیہ السلام کی طرف سے عبداللہ ابن قیس (ابو موسیٰ)کے نام :

مجھے تمہاری طرف سے ایسی بات کی خبر ملی ہے .جو تمہارے حق میں بھی ہوسکتی ہے .اور تمہارے خلاف بھی پڑسکتی ہے .جب میرا

Presented by www.ziaraat.com

پھر میری عدالت میں ان لوگوں پر مقدمہ دائر کرنا .تو میں کتاب خد اکی رو سے تمہارا اور ان کا فیصلہ کر دوں گا. لیکن یہ جو تم چاہ رہے ہو تو یہ وہ دھوکا ہے جو بچہ کو دودھ سے روکنے کے لیے دیاجاتا ہے .سلام ان پر جو اس کا اہل ہو.

#1معاویہ نے امیرالمومنین علیہ السلام کو ایک خط تحریر کیا تھا .جس میں باہمی یکجہتی و اتفاق کا تذکرہ کرنے کے بعد آپ پر طلحہ و زبیر کے قتل اور امیر المومنین علیہ السلام عائشہ کو گھر سے بے گھر کرنے کا الزام لگا یا ,اور مدینہ کو چھوڑ کر کوفہ کو مرکز قرار دینے پر اعتراض کیا اور آخر میں جنگ کی دھمکی دیتے ہوئے لکھا کہ میں انصار و مہاجرین کے جتھے کے ساتھ جنگ کے لیے نکلنے والا ہوں .حضرت علیہ السلام نے اس کے جواب میں یہ مکتوب اس کے نام لکھا جس میں یہ دعوی' اتحاد ویک جہتی پر تبصرہ کرتے فرماتے ہیں کہ یہ مانا کہ ہم میں اور تم میں اتحاد ہوگا .مگر اسلام کے بعد ہم میں اور تم میں ایسی خلیج حائل ہو چکی ہے جسے پاٹا نہیں جاسکتا ,اور ایسا تفرقہ پڑگیا ہے جسے مٹایا نہیں جاسکتا وہ اس طرح کہ ہم نے پیغمبر کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اسلام میں سبقت کی اور تمہاری حالت یہ تھی کہ تم اس وقت کفر وجہالت میں پڑے ہوئے تھے جس سے ہماری راہیں الگ الگ ہو گئیں .البتہ جب اسلام کے قدم جم گئے اور اشراف,عرب حلقہ بگوش اسلا م ہوچکے ,تم نے مجبوری کے عالم میں اطاعت قبول کر لی ,اور چہروں پر اسلام کی نقاب ڈال کر اپنی جانوں کا تحفظ کر لیا .مگر درپردہ ا س کی بنیاد کو کھوکھلا کرنے کے لیے فتنوں کو ہوا دیتے رہے اور ہم نے چونکہ رضا ؤرغبت سے اسلام قبول کیا تھا اس لیے راہ حق پر جمے رہے اور کسی مرحلہ پر ہمارے ثابت قدم میں جنبش نہ آئی لہٰذا تمہارا اسلام لانا بھی ہمیں تمہار ا ہمنوا نہ بنا سکا .

اب رہا اس کا یہ الزام کہ حضرت علیہ السلام نے طلحہ و زبیر کے قتل کا سروسامان کیا تو اگر اس الزام کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو کیا یہ حقیقت نہیں کہ انہوں نے حضرت کے خلاف کھلم کھلا بغاوت کی تھی اور بیعتتوڑکر جنگ کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے تھے .لہٰذا اگروہ بغاوت کے سلسلہ میں مارے گئے تو ان کاخون رائیگا ں سمجھا جائے گا اور قتل کرنے والے پر یہ الزام عائد نہ ہوگا .کیونکہ امام برحق کے خلاف بغاوت کر نے والے کی سزا قتل اور اس سے جنگ و قتال بلاشبہ جائز ہے اوراصل واقعہ یہ ہے کہ کہ اس الزام کی کوئی اصلیت ہی نہیں ہے کیونکہ اپنےہی گروہ کے ایک فرد کے ہاتھ سے مارے گئے تھے .چنانچہ صاحب استیعاب تحریر فرماتے ہیں .

مروان نے طلحہ کو تیر سے مارا اور پھر ابا ن ابن عثمان سے کہا کہ ہم تمہارے باپ کے بعض قاتلوں سے بدلہ لے کر تمہیں اس مہم سے سبکدوش کر دیا ہے .

اور زبیر بصرہ سے پلٹتے ہوئے وادی السباع میں عمرو ابن عاص ابن جرموز کے ہاتھ سے قتل ہوئے تھے.جس میں امیر المومنین علیہ السلام کا کوئی ایمانہ تھا .اسی طرح حضرت عائشہ اس باغی گروہ کی سربراہ بن کر خود سے نکل

Presented by www.ziaraat.com

کھڑی ہوئی تھیں .اور امیرالمومنین علیہ السلام نے انہیں متعدد دفعہ سمجھایا کہ وہ اپنے موقف کو پہچانیں اور اپنے حدود کا ر سے قدم باہر نہ نکالیں .مگر ان پر ان باتوں کا کوئی اثر نہ ہو ا .

اسی نوعیت کی یہ نکتہ چینی ہے کہ حضرت نے مدینہ کوچھوڑ کر کو فہ کو اس لیے دارالخلافہ بنا یا کہ مدینہ بروں کو اپنے سے الگ کر دیتا ہے اور گندگی کو چھانٹ دیتا ہے اس کا جواب تو بس اتنا ہی ہے کہ وہ خود بھی تو مدینہ کو چھوڑ کر ہمیشہ شام ہی کو اپنا مرکز بنائے رہا تو اس صورت میں اسے حضرت کے مرکز کو بدلنے پر کیا حق ,اعتراض پہنچتا ہے کہ اگر حضرت نے مدینہ کو چھوڑ ا تو اس کی وجہ شورشیں تھیں جو ہر طرف سے اٹھ کھڑی ہوئی تھیں جن کی روک تھا م کے لیے ایسے ہی مقام کو مرکز قرار دینا مفید ثابت ہو سکتا تھا کہ جہاں سے ہر وقت فوجی امداد حاصل کی جاسکے .

چنانچہ امیر المومنین علیہ السلام نے جنگ جمل کے موقع پر دیکھ لیا تھا کہ اہل کو فہ کی خاصی بڑی اکثریت نے آپ کے ساتھ تعاون کیا ہے لہٰذا اسے فوجی چھاؤنی قرار دے کر بڑی آسانی سے دشمن کا دفاع کیا جاسکتا ہے اور مدینہ نہ فوجی کمک کے اعتبار سے ,اور نہ رسد رسانی کے لحاظ سے مفید تھا.

آخرمیں معاویہ کی یہ دھمکی کہ وہ مہاجرین و انصار کے گروہ کے ساتھ نکلنے والا ہے ,توحضرت نے اس کا بڑے لطیف پیرا یہ میں یہ جواب دیا ہے کہ اب تم مہاجرین کہاں سے لاؤ گے جب کہ ہجرت کا دروازہ اسی دن بند ہو گیا تھا کہ جب تمہار ا بھا ئی یزید ابن ابی سفیان اسیر ہوا تھا اور یہ فتح مکہ کے موقع پر گرفتار ہوا تھا .اور فتح مکہ کے بعد ہجرت کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا کہ کو ئی مہاجر کہلا سکے .چنانچہ پیغمبر اکر م صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لاھجرۃ بعد الفتح فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے .

## 65 مکتوب معاویہ کے نام :

اب اس کا وقت ہے کہ روشن حقیقتوں کو دیکھ کر ان سے فائدہ اٹھا لو ,مگر تم باطل دعوی' کر نے کذب و فریب میں لوگوں کو جھونکنے اپنی حیثیت سے بلند چیز کا ادعا کرنے اور ممنوعہ چیزوں کو ہتھیا لینے میں اپنے بزرگوں کے مسلک پر چل رہے ہو .یہ اس لیے کہ حق سے بھاگنا چاہتے ہو اور ان چیزوں سے کہ جو گوشت و خون سے چمٹی ہوئی ہیں اور تمہارے کانوں میں محفوظ اور سینے میں بھری ہوئی ہیں .انکار کرنا چاہتے ہو تو حق کو چھوڑنے کے

Presented by www.ziaraat.com

کیونکه یه جنگ پیغمبر کی پیشن گوئی کے نتیجه میں واقع ہوئی تھی اور خود حضرت بھی اس جنگ کے واقع ہو نے سے قبل فرما چکے تھے که مجھے اصحاب جمل و صفین کے علاوہ ایک اور گروہ سے بھی لڑنا ہے اور وہ مارقین (دین سے برگشته ہو نے والے خوارج )کا ہے .لہٰذا اس جنگ کا واقع ہونا اور پیغمبر کی پیشن گوئی کے مطابق ذو الثدیه کا مار اجانا حضرت کی صداقت کی ایک روشن دلیل تھا .اگر معاویہ شخصی نموداور ملک گیری کی ہوس میں مبتلا نه ہوتا اور اپنے اسلاف ابوسفیان و عتنه کی طرح حق سے چشم پوشی نه کر تا تو وہ حق کو دیکھ کر اس کی راہ پر آسکتا تھا .مگر وہ اپنی افتادہ و طبع سے مجبور ہوکر ہمیشه حق و صداقت سے پہلو بچاتا رہا اور ان ارشادات سے جو حجرت کی امامت و وصایت پر روشنی ڈالتے تھے آنکھ بند کئے پڑا رہا .حالانکه حجته الوداع میں شریک ہونے کی وجه سے پیغمبر کا یه قول من کنت مولا ہ فعلی مولاہ اور غزوہ تبوک کے موقع پر موجود ہونے کی وجه سے یاعلی انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ اس سے مخفی نه تھا .لیکن اس کے باوجود وہ حق پوشی و باطل کوشی میں زندگی کے لمحات بسرکرتا رہا .یه کسی غلط فہمی کا نتیجه نه تھا .بلکه صرف ہوس اقتدار سے حق و انصاف کے کچلنے اور دبانے پر ابھارتی رہی .

## 66 مکتوب عبدالله ابن عباس کے نام:

یه خط اس سے پہلے دوسری عبارت میں درج کیا جاچکا ہے.

بند ہ کبھی اس شے کو پاکر خوش ہونے لگتا جو اس کے ہاتھ سے جانے والی تھی ہی نہیں .اور ایسی چیز کی وجه سے رنجیدہ ہوتا ہے جو اسے ملنے والی ہی نه تھی لہٰذا لذت کا حصول اور جذبه انتقام کو فرو کرنا ہی تمہاری نظروں میں دنیا کی بہترین نعمت نه ہو ,بلکه باطل کو مٹا نا اور حق کو زندہ کرنا ہو .اور تمہاری خوشی اس ذخیرہ پر ہونا چاہیے جو تم آخرت کے لیے فراہم کی اہے اور تمہار ا رنج اس سرمایه پر ہو نا چاہیے جسے صحیح مصرف میں صرف کئے بغیر چھوڑرہے ہو .اور تمہیں فکر صرف موت کے بعد کی ہو نی چاہیے .

Presented by www.ziaraat.com

